آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز منگل 30 نومبر 2021ء بمطابق 24 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 299

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہیں، گورنر بلوچستان

قومی شاہراہوں کا جال بچھانا اور عوام کو آرام دہ سفر کی سہولیات فراہم کرنا اور کشادہ سڑکوں کی تعمیر کو یقینی بنانا موجودہ وفاقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں

نیشنل ہائی وے اتھارٹی پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کے ہر زیر تعمیر قومی شاہراہوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور معیاری میٹریل کے استعمال کو یقینی بنائیں

شاہراہوں کی تعمیر سے نہ صرف فاصلے کم ہوجاتے ہیں بلکہ مسافروں کو اپنی منزل تک پہنچنے کے حوالے سے محفوظ سفر کی سہولیات بھی میسر آجاتی ہیں، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں کا جال بچھانا اور عوام کو آرام دہ سفر کی سہولیات فراہم کرنا اور کشادہ سڑکوں کی تعمیر کو یقینی بنانا موجودہ وفاقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کے ہر زیر تعمیر قومی شاہراہوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور معیاری میٹریل کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا کو ممبر ویسٹ زون شاہد احسان

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

تربت (نمائندہ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور صوبائی وزراء کو مرحدی تجارت، مواصلات و تعمیرات، جنوبی بلوچستان سٹیج کے امور کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

بلند و بانگ دعوے نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

تربت سمیت بلوچستان کے تمام سرحدی علاقوں میں بنیادی مسئلہ روزگار کے حصول کا ہے جس کا بڑا انحصار بارڈر سے وابستہ ہے بدقسمتی سے امن وامان کی وجہ سے بارڈر تجارت مکمل طور پر فعال نہیں ہے

سڑکیں معاشی ترقی اور امن کے قیام میں بنیادی اہمیت رکھتی ہیں صوبائی حکومت صوبہ میں روڈ نیٹ ورک کو توسیع دے گی مکران میں قومی شاہراہوں کے وفاقی اور صوبائی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے

وفاقی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج کے تحت شاہراہوں کی تعمیر کے منصوبوں کے لیے فنڈز کے بروقت اجراء کے لیے وفاقی حکومت سے رابطہ کرنے سے اتفاق کیا گیا، عبدالقدوس بزنجو کا اجلاس سے خطاب

تربت (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ سڑکیں معاشی ترقی اور امن کے قیام میں بنیادی اہمیت رکھتی ہیں صوبائی حکومت صوبہ میں روڈ نیٹ ورک کو توسیع دے گی مکران میں قومی شاہراہوں کے وفاقی اور صوبائی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا جن سے گوادر بندرگاہ ملک کے دیگر حصوں سے منسلک ہوگی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مکران میں وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پی اور جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج میں شامل شاہراہوں کے منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی صوبائی وزراء، سید احسان شاہ، ظہور احمد بلیدی، اکبر آسکانی، لالہ رشید بلوچ، ماہ جبین شیران چیف سیکرٹری بلوچستان مظہر نیاز رانا آئی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کراچی صدر مملکت عارف علوی اے ایس ایف کی 49ویں پاسنگ آؤٹ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان ہائی کورٹ کا پکڑے جانے والے ٹریکٹرز کو واپس چھوڑنے کا حکم

تمام پکڑے گئے ٹریکٹرز کو چھوڑ دیا جائے اور 30 دسمبر تک ٹریکٹرز کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے تمام پکڑے جانے والے ٹریکٹرز کو واپس چھوڑنے کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ 30 دسمبر تک ٹریکٹرز کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی جائیں۔ گزشتہ روز انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا کی جانب سے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع: فجر صبح	05:45
اہل تشیع: ظہرین	12:30
اہل تشیع: مغرین	6:15

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ایرانی حکام نے بغیر دستاویزات کے 79 پاکستانیوں کو گرفتار کرکے تفتان حکام کے حوالے کردیا

تفتان (این این آئی) ایرانی حکام نے بغیر دستاویزات کے 79 پاکستانیوں کو گرفتار کرکے تفتان

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

والجدین کے قریب آر سی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

چاغی (این این آئی) والجدین کے قریب آر سی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہوگیا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے شہر بسیمہ کے علاقہ حسین زئی کے مقام پر دو کارگاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

بسیمہ (آن لائن) بلوچستان کے شہر بسیمہ کے علاقہ حسین زئی کے مقام پر دو کارگاڑیوں میں تصادم کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے گوردت سنگھ روڈ پر چوروں نے نوجوان سے 50 لاکھ روپے چھین لیے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے گوردت سنگھ روڈ پر چوروں نے نوجوان سے 50 لاکھ روپے چھین لیے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کورونا کے نئے ویریئنٹ پر خدشات ہیں لیکن تعلیمی اداروں کو اس سال بند رکھنا چاہتے ہیں، شفقت محمود

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ کورونا کے اومیکرون ویریئنٹ پر علماء اور

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

برطانوی ہندی آمدے پی آئی اے کی برداشت پروازوں پر عائد پابندی کے خاتمے میں مدد ملے گی، غلام سرور

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی چوہدری غلام سرور نے کہا ہے کہ ہمیں بین الاقوامی ہوا بازی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے درمیان ڈاپازٹ معاہدے پر دستخط کردیے گئے

کراچی (این این آئی) مملکت سعودی عرب اور حکومت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان ایک

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کے پی ٹی ہیڈ آفس پر 6 لین پر مشتمل پل کی تعمیر کررہا ہے، علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ کارگوز اور ٹریفک کی روانی میں

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کی ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت

ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف مطلقہ قانونی مہم کی جاری ہے جس میں اطلاع فراہم کرنے والوں کو خفیہ رکھا جائے گا، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ پیر کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت ملک میں کھاد کے موجودہ اسٹاک اور قیمتوں کے حوالے سے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ٹیکس میں کو وسعت دینے اور محصولات وصولی بڑھانے کے لئے جلد از جلد ٹیکس دہندگان کی رسائی کے اقدام کو شروع کریں، شوکت ترین

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ شوکت ترین کی زیر صدارت ٹیکس اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس بنیاد کو وسیع کرنے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ پیر کو اجلاس کے دوران چیئرمین ایف بی آر نے ٹیکس محصولات میں اضافے کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

روان سیزن کے دوران چاول کی 9 ملین ٹن کی بھرپور اور ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی ہے، فخر امام

چینی کی قیمتیں چند افراد نے بڑھائی ہیں، کرشنگ کا عمل شروع ہونے کے بعد چینی کا ایشو نہیں رہے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے زرعی شعبہ میں اصلاحات اور سہولتوں کی فراہمی کے باعث روان سیزن کے دوران چاول کی 9 ملین ٹن کی بھرپور اور ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی ہے،

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے 8 ویں نیشنل آرچری کا افتتاح کیا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے 8 ویں نیشنل آرچری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن جنرل (ر) عارف حسن، چیئرمین بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن پرنس احمد علی و دیگر عہدیداران بھی انکے ہمراہ تھے۔ افتتاحی تقریب

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

جہلم: وزیر اعظم عمران خان اقلاد یونی ورسٹی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

شیخ ثمید نے ڈنمارک کے سفیر کی ملاقات، پاکستان ڈنمارک دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر گفتگو

دوطرفہ تعلقات میں تجارت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، ڈنمارک سفیر کی بات چیت

پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان روایاتی گرمجوشی پایا جاتا ہے، پاکستان ڈنمارک کی مختلف شعبوں میں اعلیٰ مہارت سے استفادہ کرنا چاہتا ہے، شیخ رشید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سے ڈنمارک کی سفیر لیز روزن ہوم نے ملاقات کی جس میں پاکستان، ڈنمارک دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان تعلقات کو کثیر الجہتی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈنمارک سفیر نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات میں تجارت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے۔ ڈنمارک سفیر نے بتایا کہ افغانستان میں پائیدار امن کے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ایک روزہ قلات کا دورہ کیا

1 ارب 20 کروڑ روپے سے بننے والی 65 کلومیٹر طویل پندران روڈ کا بھی افتتاح کیا

قلات (ش ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ایک روزہ قلات کا دورہ کیا۔ جہاں پر انھوں نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے ساتھ ساتھ پی ایڈ آر ریسٹ ہاؤس قلات، 10 ملین کی لاگت سے بننے والے عوامی خدمت کے لیے 5 کروڑ روپے کی لاگت

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ اجتماع انگیز تقاریر منظور پشتین اصغر اچکزئی پر مقدمات درج

پشتون تحفظ موومنٹ کے سربراہ منظور پشتین نے حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں داخلے پر پابندی کے باوجود شرکت اور تقریر کی جس پر پولیس نے تھانہ سول لائن میں منظور پشتین کے خلاف ایف آئی نمبر 217/21 درج کرلی ہے

منظور پشتین پر بلوچستان کی حدود میں داخلے پر پابندی عائد ہے تاہم پی ٹی ایم کے صوبائی صدر نور باچا کی معاونت سے وہ جلسہ گاہ پہنچے اور وہاں اشتعال انگیز تقاریر کیں جو کہ قیام امن عامہ آرڈیننس 1960 کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں جلسہ، اشتعال انگیز تقریر اور بغیر اجازت داخلے، لاؤڈ اسپیکر، امن عامہ ایکٹ، کورونا وائرس کی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر پشتون تحفظ موومنٹ کے سربراہ منظور پشتین، عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں کے خلاف دو الگ الگ مقدمات درج کر لئے، تحصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے ریلوے پاک گراؤنڈ میں پشتون تحفظ موومنٹ کے زیر اہتمام جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں پشتون تحفظ موومنٹ کے سربراہ منظور پشتین نے حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں داخلے پر پابندی کے باوجود شرکت اور

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

دنیا ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پر توجہ دے کر آگے بڑھ رہی ہے، سوری قاسم

پوری دنیا کی رجحان ٹیکنالوجی کی طرف راغب ہوکر اب ایک بڑا انڈسٹری بن گیا ہے اس میں روزگار کے موقع زیادہ اور لوگوں کو گھر بیٹھے سہولیات مل رہی ہیں

سافٹ ویئر اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں ترقی کرکے اپنی معیشتوں کو اوپر لایا اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ موقع پیدا کیے، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا کہ کہ دنیا ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پر توجہ دے کر آگے بڑھ رہی ہے سافٹ ویئر اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں ترقی کرکے اپنی معیشتوں کو اوپر لایا اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ موقع پیدا کیے۔ یہ بات ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے الٹرا سافٹ سسٹم ٹیکنالوجی پارک کے دورے کے موقع پر کی دورے کے موقع پر چیف ایگزیکٹو الٹرا سافٹ سسٹم ٹیکنالوجی پارک کے محمد آصف نعیم نے ادارے کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع پر صوبائی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی میمن خان شکی اور جمال الدین بلوچستان کے چیئرمین عبدالباری بزنجو بھی موجود تھے۔ ڈپٹی سپیکر نے چیف ایگزیکٹو محمد آصف نعیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مجھے بہت خوشی ہوئی کہ آج میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے حوالے سے قائم ادارے کا دورہ کررہا ہوں اور یہ بلوچستان میں پہلی نوعیت کا واحد پرائیوٹ ادارہ ہے جو یہاں کے بچوں کو سافٹ ویئر ٹیکنالوجی کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

روان سال کے دوران 39 ہزار سے زائد شکایات کا ازالہ کرچکے ہیں، وفاقی محتسب

بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے پاکستانی سفارتخانوں میں مقرر کردہ فوکل پرسنز نے گیارہ ہزار سے زائد شکایات پر کارروائی کی، سید طاہر شہباز

اسلام آباد (ش ن) وفاقی محتسب سید طاہر شہباز کی طرف سے مقرر کردہ "بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے سہولیاتی کمشنر" روان سال کے دوران 39 ہزار سے زائد شکایات کا ازالہ کرچکے ہیں۔ وفاقی محتسب کی ہدایت پر بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے پاکستانی سفارتخانوں میں مقرر کردہ فوکل پرسنز نے گیارہ ہزار سے زائد شکایات پر کارروائی کی جب کہ پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر یکجا سہولیاتی مراکز پر 27,376 شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا۔ اس دوران سہولیاتی کمشنر کو بیرون ملک پاکستانیوں کی طرف سے 590 شکایات براہ راست موصول ہوئیں۔ بیرون ملک

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سبی: صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری سبی میں صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں

پاکستان میں جمہوریت کا ترجمہ پاکستان پیپلز پارٹی ہے، بلاول بھٹو زرداری

بانی اساس قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن اور کئی نسلوں کی جدوجہد و قربانیوں پر مبنی ہے، ہم آئین پر یقین رکھتے ہیں

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ طویل جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کے بعد، پاکستان میں جمہوریت کا ترجمہ پاکستان پیپلز پارٹی ہے، جس کا منشور وژن کو عملی جامہ پہنا رہا ہے، اب 22 کروڑ پاکستانیوں کے دلوں کو ایک حقیقی جمہوری و فلاحی ریاست بنانے کا واحد راستہ ہے۔ پی پی پی چیئرمین نے پارٹی کے 55 ویں یوم تاسیس کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک تحریک ہے، جس کی اساس قائد عوام

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

نئی وزیارت کی ترقی میں مداخلت برداشت نہیں کرینگے، مٹھو محمد

حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی کا منتخب نمائندہ ہوں اور ہزاروں ووٹ لیکر اسمبلی میں پہنچا میں اپنے حلقے انتخاب کے عوام کی ہر خوشی غمی میں شامل ہوں

سوا تین سال کے دوران اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے جن کے ثمرات سے عوام مستفید ہورہے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی کا منتخب نمائندہ ہوں اور ہزاروں ووٹ لیکر اسمبلی میں پہنچا ہوں میں اپنے حلقے انتخاب کے عوام کی ہر خوشی غمی میں شامل ہوں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا جنہیں زمین پر دیکھا جاسکتا ہے حلقہ انتخاب میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کریں گے حلقے کے دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت میرا حلقہ انتخاب جس ترقی کی راہ میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کریں گے زلزلہ متاثرین کی بحالی تک جدوجہد جاری رکھونگا گزشتہ دنوں ہرنائی میں بی اے پی کے زیر اہتمام پروقار تقریب کا انعقاد اس بات کا ثبوت ہے کہ ضلع ہرنائی کے عوام ہمارے ساتھ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی اے پی ضلع ہرنائی کے کارکنوں کے، عہدیداروں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ مخصوص نشست پر کامیاب رکن صوبائی اسمبلی کی جانب سے اس رویہ تعجب ہوا کہ وہ کہہ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پی پی کے مہلک اور خطرناک قسم ایم ڈی آر ٹی بی پر قابو پانا اور اس کے پھیلاؤ کو روکنا وقت کا تقاضا ہے، ڈاکٹر آصف شہباز

کوئٹہ (آن لائن) ٹی بی کے مہلک اور خطرناک قسم ایم ڈی آر ٹی بی پر قابو پانا اور اس کے پھیلاؤ کو روکنا وقت کا تقاضا ہے، ملک بھر میں ایم ڈی آر ٹی بی کے تدارک کے لئے جاری اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے گا، بلوچستان کے ایم ڈی آر ٹی بی پروگرام کی کارکردگی باعث اطمینان ہے۔ ان خیالات کا اظہار ملک بھر سے ایم ڈی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اپوزیشن لیڈر شہباز شریف قدم بڑھائیں تو عمران حکومت گر جائے گی، پیپلز پارٹی

پیپلز پارٹی کا متبادل کوئی پارٹی نہیں کرسکتی، عمران حکومت پورن ماسٹر ہے جس کا مطلب وعدہ خلافی اور گناہ ہے، سندھ میں ایم کیو ایم نے غیر قانونی تعمیرات کیں، ریگولر کرنے کی اجازت دی جائے، سندھ میں نسلہ ٹاور جیسی کارروائیوں سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہوجائیں گے، نیز بلاول بھٹو زرداری کا پریس کانفرنس

پشاور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ عمران خان حکومت گرانے کے لیے تمام آئینی وقانونی راستے اپنانے کے لیے تیار ہیں، اپوزیشن لیڈر شہباز شریف قدم بڑھائیں تو عمران حکومت گر جائے گی، پیپلز پارٹی کا مقابلہ کوئی پارٹی نہیں کرسکتی، عمران حکومت پورن ماسٹر ہے جس کا مطلب وعدہ خلافی اور گناہ ہے، سندھ میں ایم کیو ایم نے غیر قانونی تعمیرات کیں، ریگولر کرنے کی اجازت دی جائے، سندھ میں نسلہ ٹاور جیسی کارروائیوں سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہوجائیں گے، نیز بلاول بھٹو زرداری کا پریس کانفرنس

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے بنیادی اقدامات اٹھا رہے ہیں، نصیب اللہ مری

صوبے میں وزیر اعظم عمران خان کی خواہش پر یکساں نظام تعلیم اور اساتذہ و طلبا کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے

دور دراز علاقوں میں قائم اسکولوں کی حالت زار اور مسائل کا جائزہ لیکر ان اسکولوں میں جدت لیکر آئیں گے، صوبائی وزیر تعلیم

کوہلو (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے گزشتہ روز تحصیل ماوند کا دورہ کیا ڈاکٹر امیر دین مری کی فاتحہ خوانی کی اور علاقے میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں سمیت اسکولوں کا دورہ کیا اور عوام مسائل کے حل کیلئے ضلعی آفیسران کو ہدایت جاری کئے ہیں اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں نظام تعلیم کے بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات شروع کردیئے ہیں دور دراز علاقوں میں قائم اسکولوں کی حالت زار اور مسائل کا جائزہ لیکر ان اسکولوں میں جدت لیکر آئیں گے صوبے میں وزیر اعظم عمران خان کی خواہش پر یکساں نظام تعلیم اور اساتذہ و طلبا کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے تعلیم کی بہتری سے ہی معاشرے میں نسلوں کی تعمیر و ترقی ممکن ہوگی صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ اسکولوں میں وزیر اعلیٰ کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

میں تمام مے شامل ہونے والے مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے افراد کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتا ہوں، نواب زہری

پیپلز پارٹی میں سب کو شرف پذیرائی ملے گی، سیاسی کارکنان کی تعداد میں جس انداز میں اضافہ ہورہا ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

خضدار (این این آئی) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء چیف آف جھالاوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور پیپلز پارٹی خضدار کے رہنماء سردارزادہ میر سیف اللہ عمرانی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ۔ نوتے میں سردار زادہ سیف اللہ عمرانی اور ان کے دوستوں کی جانب سے کامیاب شمولیتی جلسہ منعقد کرنے پر انہیں اور ان کے تمام ساتھیوں کو مبارک باد پیش کی۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری کا کہنا تھا کہ جھالاوان و بلوچستان کے دیگر حصوں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کوئٹہ پہنچنے پر ائیرپورٹ پر صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں

بلوچستان میں تبدیلی کے مثبت نتائج دیکھنا چاہتے ہیں، جام کمال

میری خواہش ہے کہ یہ حکومت ہم سے زیادہ بہتر کام کرے، کبھی نہیں چاہیں گے کہ حکومت ناکام ہو، اسمبلی ضرور جائیگا اور حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے حکومت میں بیٹھونگا

دوستوں کو حکومت کے حوالے سے مشورہ اور تنقید برائے اصلاح دیں گے، ہماری نیت نہیں ہے کہ غیر ضروری سنسنی پیدا کریں، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں پانچ کے بجائے چار سال کے انتخابات ہونے چاہئیں تاکہ عوام فیصلہ کریں کہ انکے حق میں کون بہتر کام کررہا ہے میری خواہش ہے کہ یہ حکومت ہم سے زیادہ بہتر کام کرے کبھی نہیں چاہیں گے کہ حکومت ناکام ہو، اسمبلی ضرور جائیگا اور حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے حکومت میں بیٹھونگا لیکن دوستوں کو حکومت کے حوالے سے مشورہ اور تنقید برائے اصلاح دیں گے ہماری نیت نہیں ہے کہ غیر ضروری سنسنی پیدا کریں، پارٹی صدارت سے استعفیٰ نہیں دیا تھا بلکہ خواہش کا اظہار کیا تھا، بلوچستان عوامی پارٹی کا اجلاس بلائیں گے جس میں پارلیمنٹرین، پارٹی عہدیداروں، کارکنوں کے ساتھ مل کر ایک طریقہ کار بنائیں گے کہ پارٹی کو کیسے آگے لیکر چلیں اور اگر پارٹی انتخابات

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی میں شادی سے قبل دولہا پراسرار طور پر غائب ہوگیا شادی کی خوشیاں ماند پڑ گئیں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں شادی سے قبل دولہا پراسرار طور پر غائب ہوگیا شادی کی خوشیاں ماند پڑ گئیں پولیس نے ورثا کی درخواست پر دولہا کی تلاش شروع کردی تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شہر میں دولہا سیف اللہ ساسولی نکاح سے قبل

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

مسائل کے حل، نفاذ اسلام اور لٹیروں سے نجات کیلئے کارکنان ذمہ داری اپنی جدوجہد کو تیز کریں، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی کے پاس عوامی مسائل حل کرنے، بے روزگاری، بے چینی، بدعنوانی کے خاتمے کیلئے دین دار دیانت دار پڑھے لکھے نوجوان موجود ہیں، نیاز

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ مسائل کے حل، نفاذ اسلام اور لٹیروں سے نجات کیلئے کارکنان ذمہ داری اپنی جدوجہد کو تیز کریں عوام کی امیدوں کا مرکز اگر جماعت اسلامی ہے۔ جماعت اسلامی انشاء اللہ عوامی منشا و توقعات اور امیدوں کے مطابق ملک کو اسلامی اور بلوچستان کو خوشحال بنا کر لٹیروں کو ناکام بنائیگی بلوچستان میں حکمرانوں اور مقتدر طبقات کی وجہ سے عوام میں روز محرومی، احساس محرومی اور پریشانی پیدا ہوئی ہیں۔ بلوچستان

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لاہور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق بے آئی یوتھ ویمن کے زیر اہتمام یوتھ کنونشن کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ اجلاس میں ہزار ایکڑ اراضی پر مشتمل ٹاؤن شپ کی تعمیر کا فیصلہ

ٹاؤن شپ کی تعمیر کے لئے ٹینڈر جاری کردیا گیا، ٹاؤن شپ کی تعمیر کے لئے ٹینڈر کی منظوری دے دی گئی، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ہزار ایکڑ اراضی پر مشتمل ٹاؤن شپ کی تعمیر کا فیصلہ کیا گیا ہے، ٹاؤن شپ کی تعمیر کے لئے ٹینڈر جاری کردیا گیا ہے، ٹاؤن شپ کی تعمیر کے لئے ٹینڈر کی منظوری دے دی گئی، ترجمان

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کورونا فنڈ میں 40 ارب روپے سے زائد ضائع ہونے پر احتسابی ادارے خاموش کیوں ہیں؟ نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کورونا فنڈ میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کورونا فنڈ میں 40 ارب روپے سے زائد ضابطگیوں پر احتسابی ادارے خاموش کیوں ہیں؟ ۔ اپنے بیان میں شیری

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

عمران خان ریاست مدینہ کا نام لے کر پارسا نہ بنیں، حافظ حمد اللہ

**عوام آپ کی صورت میں ساڑھے 3 سال سے عذاب میں مبتلا ہیں، ترجمان پی ڈی ای

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

30 نومبر 2021ء

تنازع ویڈیوز، گرفت ضروری ہے

گلگت بلتستان کے سابق چیف جج رانا شمیم کے حلف نامہ کا ڈرامہ ابھی جاری ہے اور ساتھ ہی سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کی ایک ویڈیو ٹیپ منظر عام پر آگئی یا لائی گئی ہے۔ اس ویڈیو ٹیپ کے سامنے آنے کے بعد مسلم لیگ ن نے آسمان سر پر اٹھایا ہے۔ اور ایک بار پھر آئینی اداروں کے خلاف رکیک حملے شروع کر دیئے گئے ہیں۔ مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے دھواں دھار پریس کانفرنس کر کے مطالبہ کیا ہے کہ ثاقب نثار ہمیں سزا دینے کے لئے کس نے مجبور کیا۔ بعض ایک بار پھر مسلم لیگ ن عدلیہ اور فوج کو بدنام کرنے کی مہم چلا رہی ہے۔ جہاں تک ثاقب نثار کی ویڈیو ٹیپ کا تعلق ہے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ یہ قطعی جعلی ہے۔ جو ان کے مختلف بیانات کے حصے جوڑ کر بنائی گئی ہے۔ جس کمپنی کی فرانزک رپورٹ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اسی کمپنی سے اب اس ٹیپ کی فرانزک کرانے کی درخواست کی جا رہی ہے۔ اور ذمہ دار ارکان سے کوئی رابطہ نہیں ہو پا رہا۔ اسی کے ساتھ ساتھ خود مریم نواز کی ایک آڈیو ٹیپ سامنے آگئی ہے جس میں وہ مخصوص دی چینلز کے اشتہارات بند کرنے کی ہدایات جاری کر رہی ہیں۔ مذکورہ ٹیپ بالکل صاف ہے اور اس میں کسی قسم کی پیوندکاری نظر نہیں آ رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مریم نواز مجبوراً اس بات کا اقرار کر لیا ہے کہ یہ ٹیپ انکی ہے اور اصلی ہے۔ اب مسلم لیگ ن کے بعض لیڈر تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ مریم پارٹی کے اشتہارات کی بات کر رہی ہیں۔ سرکاری اشتہارات سے اسی کا کوئی تعلق نہیں۔ سب جانتے ہیں کہ نواز شریف دور حکومت میں مریم نواز وزیر اعظم ہاؤس سے میڈیا سیل چلاتی تھیں جیسے ڈی فیکٹو وزارت اطلاعات کی حیثیت حاصل تھی۔ مریم نواز نے اپنے فیصلے کے تحت اربوں روپے کے اشتہارات اخبارات اور چینلوں کو جاری کیئے جو یقیناً مسلم لیگ ن کے نہیں سرکاری اشتہارات تھے۔ اگر مریم صرف پارٹی کا کام کر رہی تھیں تو یہ میڈیا سیل وزیر اعظم ہاؤس میں نہیں مسلم لیگ ن کے دفتر میں قائم ہونا چاہئے تھا۔ ویڈیو ثاقب نثار کی ہو یا مریم نواز کی سب کی تفصیلی تحقیقات ہونی چاہئیں اور آئین اور قانون کیخلاف ورزی کسی پر بھی ثابت ہوئے اسے سزا ملنی چاہیے۔

مختصر مدت میں شاندار کارکردگی

صباءالدین

کسی حکومت کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ایک مہینے کا عرصہ بہت کم ہے۔ لیکن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے صوبہ کی اقتصادی ترقی، عام آدمی کے مسائل کے حل اور مجموعی طور پر گورننس کی بہتری کیلئے جو اقدامات کئے ہیں اور جس سرگرمی کا مظاہرہ کیا ہے وہ صوبہ اور خاص طور سے انسانی وسائل کی ترقی کے حوالے سے نہایت حوصلہ افزاء ہے۔ وزیر اعلیٰ منتخب ہونے کے بعد میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان اسمبلی کے پہلے اجلاس میں کچھ وعدے کئے تھے جو ایک ماہ کی مختصر مدت میں پورے ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کے اعلان کے مطابق گلوبل پارٹنرشپ کے تحت ایک ہزار 493 اساتذہ کو ریگولرائز کر دیا گیا ہے جبکہ بی ڈی اے کے ساتھ سو سے زیادہ ملازمین کی ایک سال کی رکی ہوئی تنخواہیں جاری کر دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے 350 اساتذہ کی تعیناتی کا وعدہ بھی پورا کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں پنجاب کی یونیورسٹیوں میں بلوچستان کی طالبات کا کوٹہ دگنا کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مسائل حل کرنے پر خصوصی توجہ دی ہے کوئٹہ میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ٹریفک کے مسائل حل کرنے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو عام آدمی کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے اقدامات کے نتیجے میں عام آدمی کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ انہوں نے برسر اقتدار آتے ہی اعلان کیا کہ انکی گاڑیوں کیلئے شہر کی سڑک بند نہ کی جائے جس سے عام شہریوں کو مشکلات کا سامنہ کرنا پڑتا ہے یہ اور ایسے دوسرے اعلانات وی آئی پی کلچر کے خلاف مہم کا نقطہ آغاز بن کر سامنے آئے ہے۔ اسی دوران میں وزیر اعلیٰ نے سپیشل سپورٹ پروگرام فنڈ کی ضلعی سطح پر منتقلی کا فیصلہ کیا اس فنڈ کے ذریعے غریب طلبا کے تعلیمی اخراجات، معذور افراد کی مدد، کھلاڑیوں کیلئے نقد انعام تعلیم اور صحت کے اداروں کیلئے چھوٹے ترقیاتی گرانٹ کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے فنڈ کی ضلعی سطح پر منتقلی کیلئے محکمہ خزانہ کو ہدایات جاری کر دی گئی ہے اسی ایک ماہ کے اندر سول ہسپتال کوئٹہ میں ایم آر آئی مشین کی تنصیب کیلئے 25 کروڑ روپے کے اجراء کی منظوری دی گئی اور رواں مالی سال کے دوران مشین کی تنصیب کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہوشاب سے تعلق رکھنے والے کینسر میں مبتلا طالبعلم دوستین کا علاج بلوچستان انڈومینٹ فنڈ سے کرانے کی منظوری دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان کے مالیاتی مسائل، ترقیاتی فنڈز کی کمی اور متعلقہ مسائل کے پیش نظر وزیر اعظم عمران خان سے ملاقات کر کے انہیں مشکل حالات سے باخبر کیا اور بلوچستان کی ضروریات اور موقف سے دوٹوک انداز میں آگاہ کرتے ہوئے وفاق سے ہر ممکن تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اس ملاقات کے دوران شمالی بلوچستان پیکج کی طرز پر جنوبی بلوچستان پیکج پر اتفاق ہوا اور وزیر اعظم نے موقع پر پلاننگ کمیشن پر جنوبی بلوچستان پیکج تیار کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایک ماہ کے دوران عام آدمی کی مشکلات دور کرنے اور صوبے کے مسائل کے حل کے لیے جس تندہی اور سرگرمی سے کام کیا ہے اس سے بجا طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ آئندہ دو سالوں انسانی وسائل کی ترقی کے بنیاد کی حامل نمایاں حکومتی کارکردگی سامنے آئے گی وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے عام آدمی کی بہتری اور کمزور طبقات کی حوصلہ افزائی میں جس گہری ذاتی دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ انکی خصوصی ہدایت پر وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں خصوصی افراد کے اعزاز میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے خصوصی افراد کیلئے فوری طور پر ڈیل چیز فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے اعلان کیا کہ خصوصی افراد کے مسائل حل کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ہر ہائی کے زلزلہ متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ہر ہائی جا کر انکے مسائل معلوم کئے اور ان کی مدد کیلئے فوری اقدامات کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر جاں بحق افراد کیلئے پانچ پانچ لاکھ اور زخمیوں کے لئے دو دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا انہوں نے زلزلہ متاثرین کو یقین دہانی کرائی کہ آخری متاثرہ شخص کی بحالی تک امدادی کاروائی جاری رہے گی۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے لسبیلہ ضلع کے شہر حب کا دورہ کیا اور لسبیلہ ضلع کی ترقی کیلئے اربوں روپے کے پیکج کا اعلان کیا انہوں نے حب ترقیاتی اتھارٹی کے قیام کا اعلان کیا اور ترقیاتی ادارہ حب کیلئے پانچ ارب روپے فراہم کرنے کا وعدہ کیا وزیر اعلیٰ نے لسبیلہ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کیلئے 80 کروڑ روپے کے ترقیاتی پیکج کے ساتھ ساتھ حب کوسٹل اکنامک زون پر کام شروع کرنے کی ہدایت کی انہوں نے اوتھل اور حب میں واقع پریس کلب کیلئے بیس بیس لاکھ روپے گرانٹ دینے کا بھی اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس نے چیک پوسٹوں، بلوچستان کے ساحل پر دیگر صوبوں سے آنے والے ٹرالروں، ٹوکن سسٹم وغیرہ پر صوبہ کے عوام کے تحفظات پر بھی توجہ دی جس کے نتیجے میں سمندر میں 12 ناٹیکل میل پر ٹرالروں کے غیر قانونی شکار پر پابندی عائد کر دی ٹوکن سسٹم ختم کر دیا گیا اور اب مقامی ماہی گیر شکار کیلئے آ اور جا سکتے ہے غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا کوسٹ گارڈ کی تحویل میں جتنے اسپیڈ بوٹ اور گاڑیاں ہیں انھیں چھوڑا جا رہا ہے۔ گوادر کو بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نیشنل گرڈ سے منسلک کرنے کے علاوہ پاک ایران بارڈر سے بجلی کی فراہمی پر کام جاری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے گوادر نیونیورسٹی کے قیام کا اعلان کرنے کے ساتھ ساتھ وائس چانسلر کی تعیناتی بھی عمل میں لائی ہے ڈائریکٹر جنرل ماہی گیری کا دفتر کوئٹہ سے گوادر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پاک ایران بارڈر ٹریڈ پر عائد پابندیاں ختم کر دی گئی ہیں جس کا تجارتی حلقے خاص طور سے سرحدی علاقوں میں مقیم آبادی کی طرف سے خیر مقدم کیا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایک ماہ کے مختصر عرصے میں عوامی مسائل پر نا صرف اپنی توجہ مرکوز رکھی ہے بلکہ جس تندہی اور سرگرمی سے وہ مختلف علاقوں کے دورے کر رہے ہے اور عوام کی مشکلات کا حل نکال رہے ہے اس سے توقع کی جاتی ہے کہ آنے والے دنوں میں صوبے کی صورتحال خاص طور سے پسماندہ علاقوں میں عام آدمی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہو سکیں گے۔

☆☆☆☆☆

بخشش اور انسانوں کی منڈی

رویل اکبر

لاہور کے حلقہ این اے 133 میں ووٹوں کے بدلے بخشش کا سلسلہ دھڑلے سے جاری ہے ویڈیو میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی والے دو، دو ہزار میں قرآن مجید پر حلف لیتے ہوئے نظر آ رہے ہیں ایک زمانہ تھا کہ بخشش ہوٹل کے بیروں اور چپڑاسیوں کے لئے مخصوص تھی مگر جب نواز شریف سیاست میں آیا تو بخشش کا معیار بہت بلند ہو گیا سب سے پہلے تو میاں شریف نے اپنے بیٹے کو 1981 میں وزیر خزانہ بنوانے کے لیے بخشش دی جس کے بعد میاں نواز شریف نے یہ سلسلہ رکنے نہ دیا جسکی بدولت وہ جنرل ضیاء کے دور میں ہی پنجاب کے وزیر اعلیٰ بن گئے 1990ء میں اسلامی جمہوری اتحاد کی سربراہی کے دوران بخشش کی انتہا کرنے پر وزیر اعظم بنے اور الزام لگا کہ ایک انٹیلی جنس ایجنسی نے نواز شریف کے حق میں انتخابی عمل میں لاکھوں روپے کی رشوت سیاست دانوں میں تقسیم کی گئی جسکے نتیجہ میں بننے والی پہلی شریف حکومت کو غلام اسحاق خان نے بدعنوانی کے میں برطرف کر دیا جس پر نواز شریف نے عدالت عظمیٰ پاکستان سے رجوع کیا۔

15 جون 1993ء کو منصف اعلیٰ نسیم حسن شاہ نے نواز شریف کو بحال کر دیا فیصلے سے چند روز پہلے یونان کے بینک میں بیس کروڑ روپے کی بخشش منتقل ہوئی جسے بے نظیر نے اس بخشش کو چک کا عنوان دیا تھا پھر بعد میں بخشش میں کرکٹ بورڈ کی چیئرمینی ملی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس رفیق تارڑ جو جسٹس سجاد علی شاہ کو نکلوانے کے ماسٹر مائنڈ تھے انہیں اس خدمت کے عوض صدارت بخشش میں ملی۔ جسٹس سعید الزماں صدیقی کی بخشش تو اس قدر بھاری تھی کہ بخشش میں ملی سندھ کی گورنری کا حلف اٹھاتے اٹھاتے گرے اور اللہ کو پیارے ہو گئے چیف جسٹس افتخار چودھری کے بیٹے ارسلان کو ریکوڈک کی چیئرمینی بخشش میں دی گئی جسٹس خلیل الرحمن خان رمدے کے بیٹے کو بخشش میں ایڈووکیٹ جنرل کم عمری میں بنایا گیا اسی طرح صحافیوں کی فہرست بھی بہت لمبی ہے کسی کو مشیر، کسی کو وزیر، کسی کو چیئرمین، کسی کو سفیر، کسی کو پیٹرول پمپ، کسی کو پلاٹ اور کسی کو حج عمرہ کے ساتھ ساتھ نقد مال پانی بخشش میں دیا گیا مولانا فضل الرحمن کو بخشش میں کشمیر کمیٹی کی چیئرمینی اور ڈیزل کے پرمٹ ملے باقی مولویوں کی فہرست بھی بڑی طویل ہے۔

نواز شریف نے یہ ساری بخشش اپنی جیب سے نہیں بلکہ سرکاری خزانے سے دی بیت المال سے ہر سال کروڑوں روپے نکلوا کر عید بقرعید پر غریب صحافیوں اور گریڈ سترہ سے اوپر مستحق سرکاری افسران کو عیدی کی شکل میں دی جاتی تھی بیت المال میں یہ رقم زکوٰۃ کٹوتی سے حاصل ہوتی تھی انہی پیسوں سے پھر بعد میں اراکین کو بھی خریدا جانے لگا کبھی چھانگا مانگا کی سیاست کھیلی گئی تو کبھی مری میں بولیاں لگتی رہی انسانوں کی منڈی میں خرید و فروخت کا یہ کاروبار اتنا چلا کہ جسے دیکھوں کسی نہ کسی بھاؤ تاؤ کے چکر میں ہی نظر آیا اور اب تو یہ کام اتنا عام ہو گیا کہ سرے عام گلی محلوں میں شروع ہو گیا کون کہتا میرے دیس میں کاروبار مندے پڑ گئے ہیں؟ یہاں دوٹ بکتے ہیں، یہاں گردے بکتے ہیں۔

عورت کی عزت کیا چیز ہے پوری عورت بکتی ہے، یہاں بچے بکتے ہیں، یہاں فتوے بکتے ہیں، یہاں انصاف بکتا ہے، یہاں علم بکتا ہے یہاں دین بکتا ہے، یہاں شاعر کے ایک ایک لفظ کا بھاؤ لگتا ہے، یہاں ادیب کے ہر پیرے فقرے کی الگ الگ قیمت لگتی ہے، یہاں خون بکتا ہے یہاں سکون بکتا ہے، یہاں جھوٹ بولنے کی قیمت وصول کی جاتی ہے، یہاں سچ بھی اچھی قیمت پر نیلام ہو جاتا ہے، یہاں شرافت بھی آپ خرید سکتے ہیں، یہاں رسوائی بدنامی کی بھی منہ مانگی رقم مانگی جاتی ہے، یہاں ہر کاروباری جلدی میں ہے کہ اسے خریدنے کے فوراً بعد کچھ بیچنا ہوتا ہے، میں بھی خریدار تو بھی خریدار، میں بھی دکاندار تو بھی دکاندار، انسانیت کے کاروبار کا ایسا جمعہ بازار جس کا ہفتہ اتوار کبھی نہیں آتا، یہاں عبادتوں کا بھی پروردگار سے سودا طے کر لیا جاتا ہے، اتنا دے گا تو اتنے نفل پڑھوں گا۔ (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

مسخ تاریخ کی اصلاح ضروری

تربر

سمیع اللہ ملک

samiumalik@hotmail.com

پورے براعظم کی سطح پر محل عام کی بنیاد ڈالنے والا پہلا اطالوی امریکی کرسٹوفر کولمبس پر جو کچھ لکھا جا چکا ہے، اس میں ایک اہم نکتہ غائب ہے۔ بحر اوقیانوس پار کرنے کی اُس کی مہمات کی پشت پر بنیادی عامل اسلام سے خوف یا نفرت بھی تھی۔ اس تصور سے صدیوں تک سفید فام یورپی باشندوں کی "نئی دنیا" اور اس کے آبائی یا اصل باشندوں سے معاملات و تعلقات کی طرز بھی متعین ہوئی اور آج امریکی کس طور دنیا کو دیکھتے اور سمجھتے ہیں۔ کرسٹوفر کولمبس کے ذہن میں اسلام کے حوالے سے پائی جانے والی نفرت اور خوف کو اکتوبر کے دوسرے پیر (یوم کولمبس، یوم باشندگان اصل یا یوم ثقافت اطالیہ) سے متعلق ہماری طرز فکر پر بھی اثر انداز ہونا ہی چاہیے۔

کرسٹوفر کولمبس 1451ء میں پیدا ہوا جب یورپ میں اسلام مخالف ذہنیت عروج پر تھی۔ وہ صلیبی جنگوں کی داستانیں سنتا ہوا پلا بڑھا اور ساتھ ہی ساتھ اُس نے بچپن میں 1453ء میں سلطنت عثمانیہ کے ہاتھوں قسطنطنیہ پر قبضے کے نتیجے میں اپنے آبائی قصبے جینوا کے بارے میں بہت کچھ سنا۔ عنفوان شباب میں کولمبس نے ایک ملاح کے زیر تربیت بحیرۂ روم کا رخ کیا۔ ابتدائی چند بحری اسفار کے دوران کولمبس کو بحیرۂ اسجین اور شمالی افریقہ کی مسلم ریاستوں میں عثمانیوں کی طاقت کے مشاہدے کا موقع ملا۔ بعد میں اُس نے مغربی افریقہ کے ساحل کے ساتھ ساتھ سفر کیا جہاں خطے کی طاقتور مسلم بادشاہتوں نے اُسے یوں متاثر کیا کہ ہر طرف غالب اسلام نے عیسائی دنیا کو اپنے حصار میں لے رکھا تھا۔ یورپ واپسی پر کولمبس نے بحر اوقیانوس کے پار جانے کے سفر پر روانہ ہونے سے چھ ماہ قبل جزیرہ نما آئبیریا کے جنوب میں مسلمانوں کے خلاف اسپین کی لڑائی میں بھی حصہ لیا۔

حقیقت یہ ہے کہ کولمبس مزاجاً و قلباً صلیبی جنگجو تھا۔ اُس نے زندگی بھر مسلمانوں سے معاملت اور پھر ان کے خلاف لڑائیوں میں اپنی روح کی گہرائی میں مقدس جنگ کا بوجھ محسوس کیا۔ کولمبس نے مسلم دنیا کا چکر کاٹنے سے بچنے کیلئے جب مشرق بعید کا بحری تجارتی راستہ تلاش کرنے کا عمومی مشن شروع کرنے کیلئے مغرب کی سمت خوسمندروں کے سفر کی ابتدا کی تب اُس کا ذہن نہ تو محض کسی دریافت کے خالص دنیوی تصور سے مزین تھا اور نہ ہی وہ تاجرانہ بصیرت سے کام لے رہا تھا۔ کسی بھی دوسری بات سے کہیں بڑھ کر وہ بھرپور عیسائیت نواز رویے اور جذبے کے ساتھ امریکا کی طرف چلا تھا۔

کولمبس کی زندگی میں اسلام کی مرکزیت اس کے بحر اوقیانوس کے اسفار کے عجیب و غریب اور اب تک سب سے کم معلوم ہونے والے پہلو کی توضیح کرتا ہے۔ جب کولمبس کیریبین کے جزائر پہنچا تو وہاں ہر طرف اسلام کو پایا۔ مثلاً اس نے مقامی تائنوز باشندوں کے ہتھیاروں کو الفنجر کا نام دیا جو ہسپانوی زبان کا لفظ ہے تاہم عربی سے ماخوذ ہے۔ یہ لفظ عربی میں چھوٹی، خمدار تلوار کیلئے استعمال ہوتا ہے جس پر قرآن کی آیات کندہ ہوتی تھیں۔ کولمبس نے خود بتایا کہ تائنوز کے پاس لوہا نہ تھا اور وہ قرآن کے بارے میں کچھ بھی نہ جانتے تھے مگر وہ پھر بھی انہیں مسلم سپاہیوں جیسا قرار دیتا ہے جنہوں نے الفنجر تھامی ہوئی ہوتی تھیں اور یوں اُس نے تائنوز کو اپنے ذہن میں مسلمانوں کے حوالے سے پائے جانے والے تصورات سے مطابقت رکھنے والے درجے میں رکھا اور اسی حیثیت میں اپنے ممکنہ قارئین کیلئے پیش کیا۔

بعد میں جب کولمبس نے مقامی خواتین کے ایک گروپ کو اسکارف لگائے ہوئے دیکھا تو یہ خیال کیا کہ وہ شاید تجارت یا پھر کسی اور نوعیت کے یوریشیائی رابطے کے ذریعے اُن سے تعلق رکھتی تھیں جو اُس کی معلومات کے مطابق مورز کہلاتے تھے۔ اسلام اور امریکا کے آبائی باشندوں کے درمیان اس نوعیت کی مماثلتیں جاری رہیں۔ کولمبس کے دو عشروں کے بعد ہرنن کورٹیز نے بھی لکھا کہ میکسیکو کے ایزٹیک باشندے مسلمانوں والی دستار باندھتے تھے اور ان کی خواتین مورش (مسلم) خواتین جیسی دکھائی دیتی تھیں۔ ہرنن کورٹیز نے دعویٰ کیا کہ اُس نے جو علاقہ (آج کل میکسیکو) پانچ سو سال قبل فتح کیا تھا، اُس میں چار سو سے زائد مساجد تھیں اور اُس نے وہاں کے قائد موتیزوما کو "سلطان" کے نام سے پکارا۔ سوال یہ ہے کہ اس پیچیدہ گتھی کی توضیح کیا ہو سکتی ہے؟

اس کا جواب کولمبس کی (اور یورپ کی) اسلام کے خلاف صلیبی جنگوں کی طویل تاریخ میں ہے۔ صدیوں کے دوران لڑی جانے والی مذہبی جنگوں کے علاوہ عثمانیوں اور دیگر مسلمانوں کی 1453ء کے بعد یورپ کے متعدد علاقوں میں پیش رفت نے کولمبس، کورٹیز اور دیگر ہزاروں یورپی عیسائیوں کے ذہنوں میں اسلام کو ایک دشمن کے طور پر پروان چڑھایا جنہوں نے پرانی دنیا میں مسلمانوں اور نئی دنیا میں امریکی انڈینز سے جنگیں لڑیں۔ ان تمام لوگوں نے پوری زندگی یہی سیکھا کہ مسلمان اُن کے سخت ترین دشمن ہیں۔ ان کے ذہنوں کی آنکھ میں دشمن کا تصور ایک غیر سفید فام مسلم کے طور پر ابھرا۔ یورپی باشندوں نے امریکاؤں میں اپنے نئے دشمنوں کو یعنی مقامی باشندوں کو اسی تصور اور تاثر کے ساتھ دیکھا اور برتا۔ یورپی باشندوں نے مسلمانوں اور مقامی امریکیوں کو ایک تسلسل کے طور پر دیکھا۔ آج یہ سب کچھ محض خواب و خیال کا معاملہ لگتا ہے۔

یہ بہت حد تک بھلائی ہوئی تاریخ کسی طور نظر انداز نہیں کی جا سکتی۔ اسلام مخالف زاویہ نظر نے وہ سانچا تیار کیا جس میں یورپی باشندوں نے امریکا کی نسلوں اور ثقافتوں کو سمجھا اور مغربی نصف کرے میں آلات حرب کا تصور بھی انہی تصورات سے نتھی ہوا ہے۔ اب شمالی و جنوبی امریکا کی تاریخ کا (اور اس سے بھی بڑھ کر افسوس کے ساتھ، امریکا کے مقامی باشندوں کی تاریخ کا) حقیقی فہم یقینی بنانے کے عمل میں مسلمانوں سے متعلق کولمبس اور دیگر حقدمین کی سوچ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

یورپی اور سفید فام امریکی باشندوں نے صلیبی جنگوں کا سا ذہنی رجحان امریکا کی مقامی آبادیوں کے حوالے سے بھی مقدم رکھا اور جنگ کے اس راستے میں اُن کے تصورات اور اصطلاحات بھی اپنائیں۔ یہی سبب ہے کہ امریکیوں نے افغانستان پر اپاچی اور کایوا ہیلی کاپٹر اڑائے، امریکی بحریہ نے شام میں اہداف پر ٹوماہاک میزائل برسائے اور پاکستان میں اسامہ بن لادن کو ہلاک کرنے کیلئے جیرونیو کے خفیہ نام سے کی جانے والی چھاپہ مار کارروائی میں نیوی سیلز کو لانے، زندہ پکڑنے کیلئے بلیک ہاک ہیلی کاپٹر بروئے کار لائے گئے لیکن نامکمل فتح کے ساتھ واپس لوٹنا پڑا۔

ان ناموں اور ان جنگوں میں ایک تاریخ چھپی اور بسی ہوئی ہے، جو کولمبس تک جاتی ہے۔ بظاہر الگ تھلگ پڑی ہوئی ان ثقافتوں کی تاریخ کا فہم، ماضی کی تفہیم اور نئی یکجہتی، اجتماعی فکر و عمل کی بنیاد ڈالنے کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اس صلیبی سوچ کے بدلتے تیور کو سمجھنے کیلئے اپنی آنکھیں کھلی رکھیں اور ان خفیہ ہاتھوں کو اپنے آہنی کردار سے روکنے کیلئے خود کو تیار کریں جس کیلئے از حد ضروری ہے کہ جس خالق نے اپنی مخلوق کو دنیا و آخرت میں کامیابی کیلئے ایک مکمل کتاب نازل کی، اس کتاب کو راہ ہدایت کیلئے مضبوطی سے تھام لیں۔

یقین کی طاقت

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

وہ پچھلے کئی گھنٹے سے میرے صبر اور خوش اخلاقی کا امتحان لے رہا تھا۔ میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ میرے لہجے میں تلخی یا ناراضگی کا عنصر شامل نہ ہو لیکن وہ تو شاید اپنا سارا ڈپریشن میرے پر ہی نکالنے کا ارادہ کر کے آیا تھا میں دبے لفظوں میں اسے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اسکی ناکامیوں میں مجھ غریب کا کوئی قصور نہیں ہے لیکن وہ مجھے قصوروار بنانے پر تلا ہوا تھا میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح اس کو مطمئن کر سکوں لیکن اس کے لہجے کی تلخی اور زہر میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا اب اس کی گفتگو کا رخ میری طرف سے ہٹ کر خدا کی طرف ہو گیا تھا۔

پہلے تو میں قصوروار تھا اب وہ خدا کے پیچھے پڑ گیا تھا کہ خدا ہے بھی یا نہیں میں تو خدا کو تب مانوں گا جب وہ میری دعائیں قبول کریگا جب میرے پاس دنیا کی ہر نعمت موجود ہوگی کیونکہ جن لوگوں کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہے میں ان سے زیادہ عبادت گزار ہوں جب میں زیادہ عبادت کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ میری کیوں نہیں سنتا میرا حق زیادہ ہے جب تک وہ میری ذات پر تنقید کرتا رہا میں صبر اور خاموشی بلکہ خوش مزاجی سے سنتا رہا اب جب وہ رب کعبہ کی ذات پر تنقید کرنے لگا تو میرے صبر کا پیمانہ چھلکنے لگا وہ پچھلے گھنٹے سے مجھے بتا رہا تھا کہ میں نے بہت سارے ذکر اذکار کئے ہیں نمازیں نوافل ادا کئے میرے اوپر وہ بار بار یہ تنقید کر رہا تھا کہ آپ لوگوں کو تسبیحات بتاتے ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں میں نے بہت تسبیحات کیں ہیں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا رب بھی امیروں کا ہے میں کتنے عرصے سے عبادات کر رہا ہوں میری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں جب وہ وہ بہت بول چکا تو میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور شفیق لہجے میں کہا تمہاری دعائیں پتہ قبول کیوں نہیں ہوتیں تمہیں خدا پر یقین ہی نہیں ہے۔

اگر تمہیں خدا پر یقین ہوتا تو تم کبھی ایسی فضول باتیں نہ کرتے تم میں یقین کی کمی ہے تم نے خالق کائنات کو مانا ہی نہیں جس دن تم نے خدا پر یقین کرنا سیکھ لیا اسی دن سے تمہاری دعائیں قبول ہونا شروع ہو جائیں گی وہ چپ چاپ میری باتیں سنتا رہا اور پھر اٹھ کر چلا گیا میرے پاس ایسے کئی مایوس افراد آ چکے ہیں جو آتے ہی کہتے ہیں کہ ہم نے آج کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی کوئی تسبیح نہیں کرنی جب خدا نے ہماری کوئی دعا قبول نہیں کرنی تو ہم کیوں دعائیں کریں ایسے عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے دنیا کی ہر پیش رفت کے پیچھے جو قوت نظر آتی ہے (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



نثار اور جانثار (آخری قسط)

محمد ناصر اقبال خان

تدبیر کرتے ڈیم کی تعمیر کیلئے اندرون و بیرون ملک فنڈز ریزنگ کے سلسلہ میں ایک بھرپور تحریک شروع کی تھی، پاکستانیوں نے انصاف کے علمبردار میاں ثاقب نثار کی آواز پر بھرپور جوش و جذبہ کے ساتھ لبیک کہا تھا، اس دوران اکٹھے ہونیوالے وسائل ریاست اور عوام کی امانت ہیں جبکہ ماضی میں "ڈیم" کے نام پر قوم کو "ڈیم فول" بنانیوالے بدنام زمانہ کردار میاں ثاقب نثار کے صادق جذبوں کو تنقید کا نشانہ بناتے رہے۔ میں ملک عزیز کے ممتاز قانون دانوں محمد اظہر صدیق ایڈووکیٹ محمد سعید طاہر سلہری ایڈووکیٹ، عبداللہ ملک ایڈووکیٹ پاکستانیوں کو بروقت عدل و انصاف اور بنیادی حقوق کی فراہمی کیلئے سرگرم انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی عہدیداران رشدہ لودھی ایڈووکیٹ، مخدوم وسیم قریشی ایڈووکیٹ، سلطان حسن بٹ ایڈووکیٹ، محمد رضا ایڈووکیٹ، میاں محمد اشرف عاصی ایڈووکیٹ، میاں شہزاد حسن ڈوگر ایڈووکیٹ، ناصر عباس چوہان ایڈووکیٹ، ہادی سرور بھٹی ایڈووکیٹ جبکہ نیویارک میں مقیم محمد جمیل گوندل اور فرانس میں مقیم وقار احمد باجوہ کو نیک نام میاں ثاقب نثار کے جانثار کی حیثیت سے ان کا بھرپور دفاع کرتے ہوئے دیکھتا ہوں تو مجھے خوشی ہوتی ہے۔

میں سمجھتا ہوں پاکستان میں بلیک میلنگ والی "سیاست" کا مستقبل روشن نہیں ہو سکتا۔ پاکستان کے ریٹائرڈ چیف جسٹس میاں ثاقب نثار کا بے بنیاد میڈیا ٹرائل درحقیقت آزاد عدلیہ اور نظام عدل پر بدترین حملے کے مترادف ہے۔ عدالت عظمیٰ کے ریٹائرڈ منصف اعظم میاں ثاقب نثار کی شخصیت یا ان کے کسی فیصلے کو متنازعہ بنانا براہ راست عدلیہ کو تنازعات میں الجھانا اور شہریوں کے قلوب میں شبہات پیدا کرنا ہے۔ عدالت عظمیٰ کے چیف جسٹس کی حیثیت سے میاں ثاقب نثار کا دور قابل قدر، قابل رشک اور مشعل راہ ہے۔ کسی سزا یافتہ سیاستدان کو اس کی زبان میں جواب دینا میاں ثاقب نثار کے شایان شان نہیں، اس کام کیلئے ان کے جانثار قانون دان محمد اظہر صدیق، عبداللہ ملک، مخدوم وسیم قریشی اور میاں شہزاد حسن ڈوگر کافی ہیں۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت چاروں

شال بقیہ 1

اللہ نے ادارے کی کارکردگی اور صوبہ میں زیر تعمیر قومی شاہراہوں سے متعلق بریفنگ دی۔ وفد میں جی ایم کوسٹ نارتھ این ایچ اے بشارت حسین، جی ایم این ایچ اے خضدار۔ کچلاک پراجیکٹ نور الحسن مندوخیل اور اور عبدالمنان شامل تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں نقل و حمل کے موثر ترین ذرائع سڑکیں ہی ہیں۔ قومی ترقی اور خوشحالی میں قومی شاہراہوں کا کلیدی کردار ہے۔ شاہراہوں کی تعمیر سے نہ صرف فاصلے کم ہوجاتے ہیں بلکہ مسافروں کو اپنی منزل تک پہنچنے کے حوالے سے محفوظ سفر کی سہولیات بھی میسر آجاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات میں کمی لانے کیلئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ قانون سازی کے ذریعے ہی صوبے میں بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

شال بقیہ 2

سی پی ایس رائے محمد طاہر متعلقہ وفاقی اور صوبائی محکموں کے حکام جی او سی 44 ڈویژن آئی جی ایف سی ساؤتھ نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو نے اجلاس کو مکران ڈویژن میں جنوبی بلوچستان پیکیج اور وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت اور مجوزہ منصوبوں پر بریفنگ دی۔ ڈویژنل کمشنر ڈاکٹر ثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہماری حکومت صرف بلند و بانگ دعوے نہیں کرتی بلکہ عملی اقدامات اٹھانے پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ تربت سمیت بلوچستان کے تمام سرحدی علاقوں میں بنیادی مسئلہ روزگار کے حصول کا ہے جس کا بڑا انحصار بارڈر سے وابستہ ہے بدقسمتی سے امن و امان کی وجہ سے بارڈر تجارت مکمل طور پر فعال نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، سید احسان شاہ، حاجی اکبر آسکانی، صوبائی مشیر لالہ رشید بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، کمشنر مکران ڈویژن، قبائلی عمائدین، علاقائی معززین، مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

شال بقیہ 3

ان کے وکیل سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کے توسط سے بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلہ پر نظرثانی کی درخواست دائر کی گئی جس کی سماعت کے بعد عدالت نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ، ایس ایس پی آپریشن، ایس پی ٹریفک سٹی، ایس پی ٹریفک سریاب، ڈی آئی جی کوئٹہ، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو حکم دیا ہے کہ تمام پکڑے گئے ٹریکٹرز کو چھوڑ دیا جائے اور 30 دسمبر تک ٹریکٹرز کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی جائیں۔ بعدازاں بات چیت کرتے ہوئے وکیل سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے کہا کہ رحیم آغا، جمیل آغا، عمران ترین اور قدوس آغا کی جانب سے پانی سپلائی کرنے والے ٹریکٹرز سے متعلق نظرثانی درخواست دی جس پر عدالت نے حکم دیا تھا کہ پکڑے گئے ٹریکٹرز کو چھوڑ دیا جائے اور ان کو دیئے گئے ہزاروں روپے کے چالان ختم کئے جائیں۔

شال بقیہ 4

تقریری جس پر پولیس نے تھانہ سول لائن میں منظور پشتین کے خلاف ایف آئی آر نمبر 217/21 درج کر لی ہے جس میں بلوچستان قیام امن عامہ آرڈیننس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ منظور پشتین پر بلوچستان کی حدود میں داخلے پر پابندی عائد ہے تاہم پی ٹی ایم کے صوبائی صدر نور باچا کی معاونت سے وہ جلسہ گاہ پہنچے اور وہاں اشتعال انگیز تقاریر کیں جو کہ قیام امن عامہ آرڈیننس 1960 کی خلاف ورزی ہے جبکہ تھانہ سول لائن میں درج کی گئی ایف آئی آر نمبر 216/21 میں پولیس کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ منظور پشتین، نور باچا، مجید کاکڑ، خوشحال خان کاکڑ، ملا بہرام، زبیر شاہ، رشید ناصر، نور اللہ ترین، عمر خان اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء اصغر کاکڑی نے اشتعال انگیز تقاریر کیں جلسہ بغیر این او سی کے کیا گیا جس میں کورونا وائرس کی ایس او پیز کی خلاف ورزی کی گئی اور شرکاء نے ٹریفک کو متاثر کیا ساتھ ہی مملکت پاکستان کے سیکورٹی اداروں کے خلاف اشتعال انگیز تقاریر کر کے شرکاء کو اشتعال دلایا جبکہ بعض شرپسند شرکاء کے ہاتھوں میں افغانستان کے جھنڈے بھی موجود تھے ایف آئی آر میں تعزیرات پاکستان کی دفعات 121، 153A، 23A، 1 341، 278، 270، 269، لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی کی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔

شال بقیہ 5

تعلیم دے رہی ہے پوری دنیا کی رجحان ٹیکنالوجی کی طرف راغب ہو کر اب ایک بڑا انڈسٹری بن گیا ہے اس میں روزگار کے مواقع زیادہ اور لوگوں کو گھر بیٹھے سہولیات مل رہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کا وژن ہے اور وفاقی وزارت سائنس و ٹیکنالوجی پورے ملک میں ڈیجیٹل اور سافٹ ویئر ٹیکنالوجی کی وسعت پر پیشرفت کر رہی ہے ہم چاہتے ہیں کہ اپنے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے لوگوں کو سہولیات فراہم کریں بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں لیکن یہاں کے نوجوانوں کو سکلز ڈویلپمنٹ کیلئے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس سلسلے میں وفاقی اور صوبائی وزارت سائنس و ٹیکنالوجی توجہ دے کر اقدامات اٹھائیں اور اپنے تعلیم یافتہ طبقے کو سکلز فراہم کریں۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے اپنا لینڈ اینڈ ریونیو کا سارا ڈیٹا ای ٹیکنالوجی پر منتقل کیا ہے جس سے وہاں کا زمینوں کے حوالے سے ریکارڈ نہایت آسان اور آسان بنا دیا ہے لوگ اپنا ریکارڈ گھر بیٹھے معلوم کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہمارا ای ویزا سسٹم متعارف کرایا گیا ہے اور اب لوگ اپنا قومی شناختی کارڈ گھر میں بیٹھے بنا سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ اچھی بات ہے کہ بلوچستان کے چار اضلاع میں ڈیجیٹل اور سافٹ ویئر ٹیکنالوجی کے پائیلٹ پروجیکٹ شروع کیئے ہیں مجھے امید ہے کہ وہ بھی کامیاب ہوجائینگے ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ ایسے پروجیکٹ شروع کرنے سے نوجوانوں کا رجحان تعلیم کی طرف راغب ہوگا اور با عزت روزگار کمانے کیلئے محنت کر کے اپنے لئے روزگار تلاش کر سکتے ہیں اور آگے بڑھ کر دنیا میں اپنی قابلیت کے ذریعے ایک مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 6

رہے ہیں ضلع ہرنائی میں ہمارے کاموں میں داخل اندازی کر رہے ہیں میرا حلقہ انتخاب ہے اور میں اپنے حلقہ انتخاب میں کسی کی بھی مداخلت کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کر پائے انہوں نے کہا کہ مخصوص نشست سے کامیاب خاتون رکن اسمبلی کے الزامات میں کوئی صداقت نہیں مذکورہ رکن صوبائی اسمبلی کا تعلق ہرنائی سے رکھتی ہیں لیکن وہ عوام کے ووٹوں سے کامیاب نہیں ہوئی۔ میں حلقے کے عوام کی نمائندگی کر رہا ہوں اقتدار کبھی میری ترجیح نہیں رہی ہے اور آج بھی حلقے کے عوام کی با آسانی مجھ تک دسترس ہے صوبائی وزیر خزانہ نور محمد دمڑ نے کہا کہ سوا تین سال کے دوران یوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شروع کئے گئے جن کے ثمرات سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔

شال بقیہ 7

کروائے جائیں۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ آمد کے بعد ایئرپورٹ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، سابق وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مستعفی ہونے کے نوٹ میں خواہش ظاہر کی تھی جب نئی حکومت سازی کا معاملہ آیا تو اس میں قائم مقام پارٹی بھی مقرر کئے گئے تمام چیزوں کا طریقہ کار ہوتا ہے اگر اس طریقہ کار سے جام کمال خان اگر پارٹی صدر نہیں ہوسکتے تو اسکا واضح طریقہ کار ہے کہ میں نے اگر لکھ کر استعفیٰ دیا ہوتا اور اسے الیکشن کمیشن نے منظور کیا ہوتا تو میں آج پارٹی کا صدر نہ ہوتا جس کے بعد بلوچستان عوامی پارٹی کی جنرل کونسل یا ایگزیکٹو کمیٹی اس حوالے سے فیصلہ لیتی لیکن یہ سب چیزیں نہیں ہوئی اب ہمیں اس بات پر توجہ دینی ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی میں انتخابات کروائیں اور جو بلوچستان عوامی پارٹی کا صدر، جنرل سیکرٹری بننا چاہے تو سامنے آئیں اور انہیں پارٹی کے لوگ منتخب کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کہا تھا کہ اگر بلوچستان عوامی پارٹی کے لوگ خوش نہیں ہیں تو میں اپنی ذمہ داریاں چھوڑنے کے لئے تیار ہوں اس کے بعد پارٹی کے دوستوں نے کہا کہ میں کام جاری رکھوں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانچ کے بجائے چار سال کے انتخابات ہونے چاہئیں تاکہ عوام فیصلہ کریں کہ اسکے حق میں کون بہتر کام کر رہا ہے۔

شال بقیہ 8

ہدایت پر ذات سسٹم کا خاتمہ کر کے جدید بنیادی سہولیات فراہم کرنا ناگزیر ہے اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے 350 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں کردی گئی ہیں اس کے علاوہ جلد ہی اور واشک میں بورڈ آفس کا برانچ کھولیں گے تاکہ یہاں کے قریبی اضلاع سے تعلق رکھنے والے طالب علموں کے مشکلات میں کمی آسکے اس حوالے سے ہی میں بورڈ آفس کے جگہ کا معائنہ بھی کیا ہے جبکہ صوبے کے دور دراز علاقوں کا جلد دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیکر انہیں حل کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں گے تاکہ معاشرے کے نسل نو کی تعمیر و ترقی میں کوئی کسر باقی نہ رہ سکے صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے تحصیل ماوند میں مختلف اسکولوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے، ترقیاتی اسکیموں کی جلد تکمیل کی بھی ہدایت کردی اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کوہلو عمران بنگلزئی، میر نثار مری، رسالدار میجر لیویز شیر محمد مری، دوست علی مری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حفیظ اللہ مری، ڈی ای او میر شمس مری، ایجوکیشن آفیسر جعفر خان، اسپورٹس آفیسر جمعہ خان مری، میر طور خان مری، حاجی عبدالرحمن مری و دیگر موجود تھے بعدازاں انہوں نے ضلعدار مری کے ہاں تکبیرانہ میں شرکت کی اور سیکڑوں گاڑیوں کے طویل قافلے کے ہمراہ اپنے علاقہ کوہلو پہنچ گئیں جہاں وہ عوامی مسائل اور جاری ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کریں گے۔

شال بقیہ 9

حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔ بارڈر ٹریڈ اور لوگوں کے روزگار کی سہولت کیلئے تمام حائل رکاوٹیں بشمول ٹوکن سسٹم ختم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کاروبار اور روزگار کے حوالے سے صوبائی، ضلعی اور تحصیل سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گے۔ اسکے علاوہ گوادر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے اہم اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمان کے مطالبات پر کافی حد تک عمل درآمد کیا گیا ہے جس کا اعتراف وہ اپنے تقاریر میں کر چکے ہیں، حکومت کی اولین ترجیح لوگوں کو روزگار میں سہولت اور آمدورفت میں آسانی پیدا کرنا ہے، مولانا گفت و شنید اور بامعنی مذاکرات کے لیے مزید لچک دکھائیں۔

شال بقیہ 10

پاکستان کے پاس اس مرتبہ 5.11 ملین ٹن چاول کا ذخیرہ موجود ہوگا، مجموعی طور پر رواں سال کے دوران چاول کی برآمدات سے 75.4 بلین ڈالرز حاصل ہونے کے واضح امکانات ہیں، ہم نے تجویز دی ہے کہ وزیر اعظم کی سربراہی میں قومی سطح پر نگرانی کے لئے ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے تاکہ چاول کی برآمدات یقینی بنائی جا سکے، نومبر 2021 کے دوران کپاس کی 8.6 ملین گانٹھیں پیداوار آچکی ہے جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 1.4 ملین گانٹھیں تھیں، توقع ہے کہ کپاس کی 5.8 ملین گانٹھوں کا ہدف حاصل ہوجائے گا، رواں سال کے دوران گنے کی 87 ملین ٹن ریکارڈ پیداوار حاصل ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

شال بقیہ 11

جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء اسد عمر، مخدوم خسرو بختیار، سید فخر امام، مشیر خزانہ شوکت ترین اور سینئر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ وزیر اعظم کے پچھلے ہفتے ذخیرہ اندوزی کے خلاف اقدامات کی ہدایت کے بعد کھاد کی فی بوری قیمت فروخت میں اوسطاً 400 روپے کی کمی آئی ہے۔ وزیر اعظم کو آگاہ کیا گیا کہ کھاد کی سپلائی کو مانیٹر کرنے کے لیے آن لائن پورٹل بنائی گئی ہے جس سے صوبے اور تمام ضلعی انتظامیہ کھاد کی نقل و حرکت اور اسٹاک کو مانیٹر کر سکتے ہیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ 13 نومبر سے اب تک کھاد کی ذخیرہ اندوزی کو روکنے کے لیے متعدد اقدامات لیئے گئے ہیں۔ ان میں 347 ایف آئی آر، 244 گرفتاریاں، 111 21 انسپکشنز، 480 گودام سیل اور 79.2 کروڑ کے جرمانے لگائے جا چکے۔ اس کے علاوہ ہر ضلع میں کنٹرول روم بنائے گئے ہیں جہاں کھاد کی کمی، ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری سے متعلق شکایات درج کروائی جا سکتی ہیں۔ صوبوں کے مابین سرحدوں پر اسمگلنگ روکنے کے لیے چیک پوسٹیں قائم کر دی گئیں، ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف متعلقہ قوانین میں ترامیم کی جا رہی ہیں جس میں اطلاع فراہم کرنے والوں کو ضبط شدہ مال کی نسبت سے انعام دیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت دی۔

شال بقیہ 12

خواہشمند ہیں۔ پاکستان کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان دوطرفہ "گرین معاہدہ" جلد دستخط ہوجائیگا۔ انہوں نے کہا کہ گرین معاہدے سے پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان کاروباری تعلقات میں وسعت آئیگی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان روابط کو مزید فروغ دیا جائیگا، پاکستان ڈنمارک کی مختلف شعبوں میں اعلیٰ مہارت سے استفادہ کریگا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان کاروباری رکاوٹوں کو ختم کریگے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں پائیدار امن کی کوششیں جاری رکھے گا۔ وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ افغان شہریوں خصوصی بچوں اور خواتین کو اشیائے زندگی کی اشد ضرورت ہے۔ وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ بین الاقوامی برادری انسانی بحران کی بنیاد پر افغان شہریوں کی مدد اور معاونت کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک لاکھ سے زائد افغان شہریوں کو افغانستان سے انخلاء میں معاونت کی۔ انہوں نے کہا کہ تشویش ہے کہ وسائل کی کمی کے باعث افغانستان میں کہیں انسانی قحط نا پیدا ہوجائے۔ ملاقات میں وزارت داخلہ کے اعلیٰ حکام اور ڈنمارک سفارتخانہ کے عملے کے ارکان بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 13

سے عبدالخالق ہزارہ نے بلوچستان آمد پر دیگر صوبوں اور محکموں کے کھلاڑیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ آرچری چیمپئن شپ کا انعقاد نہایت ہی خوش آئند ہے اس سے پہلے بھی یہاں بین الصوبائی آرچری چیمپئن کا انعقاد ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل صحتمند زندگی کے حصول کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ کھیل ہماری جسمانی اور ذہنی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

شال بقیہ 14

ایف پی آر کی ٹیکس دہندگان تک رسائی پر پیش رفت کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ٹارڈا کے تعاون سے ڈیٹا مرتب کرنے کے لئے عملی اقدامات شروع کئے گئے ہیں، ڈیٹا مکمل اور موجودہ ٹیکس دہندگان کو ویب پورٹل کے ذریعے قابل فہم انداز میں دستیاب ہوگا۔ ٹیکس دہندگان تک پہنچنے کے لیے اہم چیلنجز، عوامی آگاہی اور اعتماد سازی کے اقدامات پر بھی اجلاس میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشیر خزانہ شوکت ترین نے ایف بی آر کے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر ٹیکس دہندگان کے ساتھ موثر اور مضبوط رابطہ یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹیکس بنیاد وسیع کرنے اور ٹیکس سے مطابقت رکھنے والے کلچر کو فروغ دینے کے لئے عوامی حمایت حاصل کی جائے۔ مشیر خزانہ شوکت ترین نے ایف بی آر کی ٹیم کے لئے اپنی مکمل حمایت اور اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس ہیں کو وسعت دینے اور محصولات وصولی بڑھانے کے لئے جلد از جلد ٹیکس دہندگان کی رسائی کے اقدام کو شروع کریں۔

شال بقیہ 15

سے قلات فائر بریگیڈ کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔ صوبائی مشیر نے دورہ قلات کے دوران 1 ارب 20 کروڑ روپے سے بننے والی 65 کلومیٹر طویل پندران روڈ کا بھی افتتاح کیا جس سے ملحقہ 25 دیہات کے عوام مستفید ہوں گے صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ نے قلات کے پہلے کیڈٹ گریڈ اسٹیشن کا سنگ بنیاد بھی رکھا جس پر 70 کروڑ روپے لاگت آئے گی جو کہ عرصہ دو سالوں میں پایہ تکمیل ہوگا۔ افتتاحی تقاریب کے بعد خطاب کرتے ہوئے مشیر داخلہ نے کہا کہ موجودہ حکومت حقیقی معنوں میں ترقی کی طرف گامزن ہے اور صوبے میں عوام کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس سے نہ صرف صوبہ بلکہ پورا ملک ترقی و خوشحالی کی طرف گامزن ہوگا۔ صوبائی مشیر داخلہ نے کہا ہے کہ عوام کو زندگی کی معیاری سہولتیں پہنچانے کیلئے یکسو اور پرعزم ہیں۔ شہریوں کو صحت مند ماحول فراہم کرنا حکومت کا وژن ہے اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر قلات سلطان بگٹی، ایس پی عبدالرؤف بزنجو، ایکسین پی ایچ ای سہیل پاروزئی، ایکس سی این سی اینڈ ڈبلیو انور نچاری، چیف آفیسر اللہ بازئی، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک، اور علاقہ معززین سے آغا حبیب شاہ، سردارہ زادہ وحید نچاری، بابو رمضان، دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 16

پاکستانیوں کی یہ شکایات زیادہ تر جائیداد کے معاملات، NICOP اور پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر اور پولیس کی تصدیق سے متعلق تھیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب سید طاہر شہباز نے 95 لاکھ سے زائد بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے الگ سے ایک "سہولیاتی کمشنر" کا تقرر کر رکھا ہے جو بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے ہمہ وقت سرگرم ہیں علاوہ ازیں پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر "یکجا سہولیاتی مراکز" قائم کئے گئے ہیں جہاں بیرون ملک پاکستانیوں سے متعلق بارہ سرکاری اداروں کے ذمہ داران چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور موقع پر ہی ان کی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں سہولیاتی کمشنر کے دفتر نے بیرون ملک پاکستانیوں کی راہنمائی کے لئے اہم مقامات پر پینافلکس اور سٹینڈیز بھی آویزاں کر رکھی ہیں۔ گزشتہ دنوں سہولیاتی کمشنر "برائے اوورسیز پاکستانیز" نے لاہور، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور سیالکوٹ کے ہوائی اڈوں کے دورے کر کے شکایات کے جلد اور فوری ازالے کے سلسلے میں متعلقہ حکام کے ساتھ میٹنگیں بھی کیں۔ واضح رہے کہ بیرون ملک پاکستانیوں کے کمشنر کو موصول ہونے والی یہ شکایات، ان نوے ہزار سے زائد عمومی شکایات کے علاوہ ہیں جو وفاقی محتسب کو 2021ء کے دوران موصول ہوئی ہیں اور جن میں 86 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے بھی کئے جا چکے ہیں۔

شال بقیہ 17

پیر کو پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا جس میں پاکستانی نژاد امریکی ڈیموکریٹک رہنما طاہر جاوید نے بھی شرکت کی۔ چیئرمین کشمیر کمیٹی شہریار آفریدی نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو بین الاقوامی فورمز پر اجاگر کرنے پر پاکستانی ڈایا سپورا کے کردار کو سراہا۔ طاہر جاوید نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی کمیونٹی امریکہ میں بہت متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے خوشی کی بات ہے کہ وزیر اعظم عمران خان صاحب بذریعہ وائس ایپ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے ساتھ رابطہ استوار کیے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 18

ایف کی شرائط پر مبنی بجٹ لانے کی اطلاع پاکستان کی قومی سلامتی کے لئے خطرے کی گھنٹیاں ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بار بار خبردار کر چکا ہوں کہ یہ حکومت پاکستان کی معاشی خودمختاری کے خلاف سازش ثابت ہوئی ہے، مبنی بجٹ کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور جی ایس ٹی سے متعلق قانون سازی پاکستان کو آئی ایم ایف کا معاشی غلام اور گورنر اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف کا وائسرائے بنا دے گی، آئی ایم ایف کی موجودہ شرائط کے نتیجے میں پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور مستقبل میں حکومتی نظام مفلوج ہوجانے کے سنگین خطرات اور خدشات ہیں، مبنی بجٹ لانے کے بجائے عمران نیازی استعفیٰ دیں، حکومت کی اتحادی جماعتوں کو قومی مفاد میں مبنی بجٹ کے خلاف کھڑا ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 19

آر ٹی پی کے نمائندوں نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں پاکستان کے تمام صوبوں کے ایم ڈی آر ٹی پی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ بلوچستان سے میٹنگ میں پروگرام منیجر ڈاکٹر آصف شاہوانی، ایم ڈی آر ٹی پی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ظفر خوستی نے شرکت کی۔ میٹنگ کی صدارت چیئرمین ٹی پی کنٹرول پروگرام کے چیف بشیر کھتران نے کی۔ میٹنگ میں ایم ڈی آر ٹی پی کے کیسز بارے تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ ٹی پی کے خطرناک قسم ایم ڈی آر ٹی پی کے تدارک کے لئے اور اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے بروقت اور فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے بلکہ پہلے سے جاری اقدامات کو مزید تقویت دی جائے گی۔ اس موقع پر بلوچستان کے ایم ڈی آر ٹی پی ٹیم کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا۔

شال بقیہ 20

روزگار ہوجائیں گے، سپریم کورٹ ایسی عمارات کو ریگولرائز کرنے کے لیے کمیشن بنائے۔ پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل نیئر بخاری نے ارباب عالمگیر کی رہائش گاہ پر منعقدہ پریس کانفرنس میں کہا، ان کے ہمراہ سندھ کے وزیر اطلاعات سعید غنی، پیپلز پارٹی کے مرکزی ترجمان فیصل کریم کنڈی، صوبائی صدر نجم الدین خان، عاصمہ عالمگیر اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی منگل کو 54 واں یوم تاسیس منا رہی ہے، پیپلز پارٹی کی بنیاد عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے رکھی گئی، بلاول بھٹو نے تمام صوبوں میں یوم تاسیس منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 21

شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے فلسفے، اور کئی نسلوں کی جدوجہد و قربانیوں پر محیط ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پی پی پی نے مشکل ترین حالات کا مقابلہ کر کے، ملک و قوم کو پیش بہا اسٹریٹجک تحفے دیے، جن میں ملک کو پہلا متفقہ آئین، ناقابل تسخیر دفاع کے ضامن جوہری پروگرام اور میزائیل ٹیکنالاجی، صوبائی خودمختاری، اور زرعی و معاشی اصلاحات دینا شامل ہیں۔ پاک۔ چین دوستی ہی ہیک منصوبہ، اور اسلامی سربراہی کانفرنس کی شکل میں سیاسی طور پاکستان کو اسلامی دنیا کو محور و مرکز بنانا بھی پی پی پی کا طرہ امتیاز ہے۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ وہ آج کے دن ان تمام جیالوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

شال بقیہ 22

میں لسانیت و اسلامیت کا پرچار کرنے والوں سمیت ساحل دو سال کا نعرہ لگانے والے بھی ناکام ہوئے۔ نہ قوموں کو حقوق ملی نہ اسلام نافذ ہوا بلکہ قوم مزید مسائل و پریشانیوں کے دلدل میں پھنس کر رہ گیا لوٹ مار کار بازار ہر سطح پر گرم ہے احتساب دھڑا در اور جزا نہ ہونے کی وجہ سے لوٹ مار کو حق سمجھ کر کیا جاتا ہے نفاذ اسلام تمام مسائل کا حل اور ملک کی ترقی و خوشحالی کا راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد ڈیرہ مراد جمالی میں ایک روزہ ضلعی تربیت گاہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا تربیت گاہ سے جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امراء بشیر احمد ماندائی، ڈاکٹر عطاء الرحمان، ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، نوید احمد زہری، مولانا محمد ایوب منصور، خاندیش مینگل، علی احمد ماندائی نے مختلف ترجیحی دینی عالمی موضوعات پر خطاب کیا۔

شال بقیہ 23

پراسرار طور پر غائب ہوگیا شادی کی خوشیاں ماند پڑ گئیں سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی میں دولہا کے بھائی عبدالجبار ساسولی نے گم شدگی کی درخواست دی ہے جس پر سٹی پولیس تھانہ کے ایس ایچ او غلام علی کنڈرانی نے پراسرار طور پر غائب ہونے والے دولہا کی تلاش شروع کردی ہے تاہم 27 نومبر سے لاپتہ ہونے والے دولہا سیف اللہ ساسولی کو سٹی پولیس بازیاب نہیں کرسکی ہے۔

شال بقیہ 24

کو بچانے کیلئے قومی احتساب بیورو (نیب) قوانین میں ترمیم کر کے این آر او نہیں دیا؟ ان کا پوچھنا تھا کہ کورونا فنڈ میں 40 ارب روپے کی ڈکیتی آپ کی حکومت میں کس نے کی؟ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ عمران خان ریاست مدینہ کا نام لے کر زیادہ پارسا بننے کی کوشش نہ کریں، عوام آپ کی صورت میں ساڑھے 3 سال سے عذاب میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمان کی قیادت میں آپ کا سیاسی خاتمہ کر کے دم لے گی۔

شال بقیہ 25

رحمان نے کہا کہ 40 ارب سے زائد ضائع ٹیکسوں کا کسی اپوزیشن نے الزام نہیں لگایا، بے ضابطگیوں کی تصدیق آڈیٹر جنرل کی آڈٹ رپورٹ میں ہوئی ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم نے حکومت سے کورونا فنڈ کے بارے میں پارلیمان میں کئی بار سوال پوچھا، پارلیمان میں حکومت نے کبھی جواب نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں کا احتساب کرنے والے شفافیت سے بھاگ رہے، ابھی حکومت نے آڈٹ کے لئے مکمل اخراجات کی تفصیل نہیں فراہم کی۔ شیری رحمن نے کہا کہ کورونا فنڈ میں کرپشن کا یہ ابھی ٹریلر ہے، پوری فلم ابھی باقی ہے، کورونا فنڈ عوام کی امانت ہے، تباہی سرکار نے کورونا فنڈ کو بھی نہیں بخشا، ہم کورونا فنڈ میں کرپشن کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہیں۔

شال بقیہ 26

میں پیپلز پارٹی کے پرچم کو تھامنے اور بھٹو کے نظریے کو اپنانے والے سیاسی کارکنان کی تعداد میں جس انداز میں اضافہ ہو رہا ہے وہ سیاسی تبدیلی اور عوام کی سیاسی سوچ اور اعلیٰ ظرفی کی عکاسی کر رہا ہے۔ بلوچستان کے عوام کو یہ تجربہ ہو چلا ہے کہ اب ان کی منزل اور نجات کی راہ صرف پیپلز پارٹی سے وابستہ ہے یہی جماعت ہے جو ان کی احساس محرومی کا خاتمہ اور ان کے حقوق کا دفاع کر سکتی ہے۔ پیپلز پارٹی میں ایسی قیادت موجود ہے جو بلوچستان سمیت ملک کو ایسے بحرانوں سے نکال دے اور عوام کی بے روزگاری غربت اور بدحالی میں کمی لا سکے۔

شال بقیہ 27

ہو جائے گا۔ جنرل منیجر (پروجیکٹس) ساتھ، پروجیکٹ ڈائریکٹر کے فور اور کنسلٹنٹس کے نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروجیکٹ پر کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین نے کہا کہ واپڈا نے کے فور پروجیکٹ کے نظرثانی شدہ (Revised) ڈیزائن کو مقررہ مدت میں مکمل کر لیا ہے۔ پراجیکٹ پر تعمیراتی کام ایوارڈ کرنے کا عمل جاری ہے۔ کنٹریکٹ ایوارڈ ہونے کے بعد کے فور پراجیکٹ پر تعمیراتی کام اگلے

زرعی پیداوار معیشت کیلئے نہایت اہم ہے، محمد خان لہڑی

صوبہ کے طول وعرض میں بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے جاری منصوبوں پر کام تیز کیا جائے

صوبے کی زرعی پیداوار میں اضافہ اور روزگار کے مواقع پیدا کئے جاسکیں، صوبائی وزیر آبپاشی

سبی (ش ن) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ صوبہ کے طول وعرض میں بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے جاری منصوبوں پر کام تیز کیا جائے تاکہ صوبے کی زرعی پیداوار میں اضافہ اور روزگار کے مواقع پیدا کئے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی پیداوار انسانی زندگی اور صوبائی معیشت کیلئے نہایت لازم جز ہے جس کو مزید بڑھانے اور ترقی دینے میں آبپاشی نظام کو کلیدی مقام حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ایریگیشن سبی کی جانب سے محکمہ آبپاشی کے منصوبوں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر آبپاشی نے محکموں کی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام منصوبوں کی تکمیل میں جدید دور کے تقاضوں اور ان بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

تربت: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو تربت پہنچنے پر گارڈ آف انر پیش کیا جارہا ہے

صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری کا ایک روزہ دورہ

مختلف کالجز اور اسکولوں کا دورہ کیا اور طلباء وطالبات کے مسائل سنے

سبی (نامہ نگار) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ خان مری کا ایک روزہ دورہ مختلف کالجز اور اسکولوں کا دورہ کیا اور طلباء و طالبات کے مسائل سنے، دورے کے موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی اختر محمد کھیتران، ایڈیشنل ڈویژنل ڈائریکٹر محمد انور لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابڑو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے وزارت سنبھالتے ہی اپنے دوروں کا آغاز کردیا۔ سبی کا ایک روزہ پر گورنمنٹ گرلز کالج بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بلوچی میں فلسفہ جنس اور معاشرتی رویوں کو تخلیق کرینگے، منیر احمد بادینی

یورپ کی ترقی کا سب سے پہلا راز قومی زبان کی ترویج وترقی ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) نصیر کبدانی لبزانگی دیوان کے زیر اہتمام بلوچی زبان کے نامور ناول نگار واجہ منیر احمد بادینی کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے پہلے سیشن میں منیر احمد بادینی کی ادبی خدمات اور ناول نگاری کی تکنیک پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ بعد ازاں سوال جواب کا سیشن ہوا جس میں منیر احمد بادینی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے عہد کیا ہے کہ بلوچی میں فلسفہ جنس اور معاشرتی رویوں کو تخلیق کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بحیثیت بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ آرچری چیمپئن شپ کا افتتاح کررہے ہیں

کوئٹہ: نامعلوم چوروں نے فائرنگ کرکے موٹر سائیکل سوار کو قتل کردیا

لنک بادینی روڈ پر نامعلوم چوروں نے فائرنگ کرکے موٹر سائیکل سوار خالد حسین کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے

لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے لنک بادینی روڈ پر نامعلوم چوروں نے فائرنگ کرکے موٹر سائیکل سوار کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ عوامی حلقوں نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بڑھتے ہوئے بدامنی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بدامنی اور جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے غفلت برتنے پر متعلقہ حکام کے خلاف کارروائی عمل میں لائی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے لنک بادینی روڈ پر نامعلوم چوروں نے فائرنگ کرکے موٹر سائیکل سوار خالد حسین کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

محکمہ پی ایچ ای بھاگ کے عوام کو پانی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے

شہر میں پانی کی پائپ لائن بچھانے کیلئے گلیوں کی ٹف ٹائلوں کو توڑ کر کھنڈر بنادیا

کروڑوں روپے کی بچھائی گئی پائپ لائن ضائع اور شہر کی خوبصورتی کو تباہ کردیا ہے، ترجمان پی ٹی آئی تحصیل بھاگ

بھاگ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف تحصیل بھاگ کے ترجمان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ محکمہ پی ایچ ای بھاگ کے عوام کو پانی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے شہر میں پانی کی پائپ لائن بچھانے کیلئے گلیوں کی ٹف ٹائلوں کو توڑ کر کھنڈر بنادیا کروڑوں روپے کی بچھائی گئی پائپ لائن ضائع اور شہر کی خوبصورتی کو تباہ کردیا لیکن عوام حکومتی منصوبوں سے مستفید نہ ہوسکیں بھاگ کی عوام جو پیزوں اور تالابوں کا مضر صحت پانی استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔

اوستہ محمد: ڈائریکٹر الیکشن کمشنر محمد اکرم ابڑو پیرل آباد میں فہرستوں کا جائزہ لے رہے ہیں

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد

ان کیمپس میں 2100 سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ اور ادویات کی تقسیم

کوئٹہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی ہدایات پر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے دجبائی کے علاقے کلی محمد خیل، کوئٹہ کے نواحی علاقے کلی محمد اور سوئی کے علاقے چھتر میں ایک روزہ مفت طبی کیمپس منعقد کیے گئے جس میں ماہر ڈاکٹروں کی نگرانی میں 2100 سے زائد افراد جن میں بیشتر خواتین اور بچے شامل تھے کا معائنہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے قلات کو ہر دور میں نظر انداز کیا گیا، ملک محمد یوسف مغل

پیپلز پارٹی اقتدار میں آکر قلات سمیت بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کریگی

قلات (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، ملک محمد یوسف مغل ملک عبدالقادر مغل نے کہا ہے کہ آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے قلات کو ہر دور میں نظر انداز کیا گیا پیپلز پارٹی اقتدار میں آکر قلات سمیت بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کریگی انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہیداء کی جماعت اور غریبوں کی آواز کا نام ہے چیف آف جھالاوان نواب شاہ اللہ کی قیادت بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

سبی: صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری سبی میں تعلیمی ادارے کے دورے کے دوران طالبات سے بات چیت کررہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف دیا جائے، مولانا قاری مہر اللہ

مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے حکومت قوم کی مفادات کو مدنظر رکھ کر مہنگائی کو کنٹرول کریں

قوم میں مزید مہنگائی بے روزگاری اور بے تحاشا ٹیکسوں کی سکت نہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد مولانا خدائے نظر، مولانا حافظ عبیداللہ، آغا محمد ابراہیم شاہ، مولانا اللہ بخش، مولانا محمد ابراہیم نادر خان اچکزئی، حاجی محمد نور اخوندزادہ، قاری عبدالمالک، مولوی صالح محمد، مولوی محمد داؤد، مولوی محمد صادق نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف دیا جائے مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے حکومت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

تندرست وتوانا نوجوان صحت مند معاشرے اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے، ڈاکٹر فیصل خان کاکڑ

کھیلوں کی سرگرمیوں اور آباد میدانوں سے نوجوانوں کو منفی رویوں اور سرگرمیوں سے باآسانی بچایا جاسکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) تندرست وتوانا نوجوان صحت مند معاشرے اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے کھیلوں کی سرگرمیوں اور آباد میدانوں سے نوجوانوں کو منفی رویوں اور سرگرمیوں سے باآسانی بچایا جاسکتا ہے، جبکہ بیوٹمز معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ طلباء کی جسمانی اور ذہنی صحت پر بھی خصوصی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے ان خیالات کا اظہار پرو وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر فیصل خان کاکڑ نے بیوٹمز میں چوتھے انٹر فیکلٹی فٹبال لیگ کے فائنل میچ میں بطور بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

چیئرمین اکبر لاشاری اور ڈائریکٹر طاہر درانی، طالب مگسی ورجاوید کے خلاف ایکشن لیا جائے

تنخواہیں ریلیز کرنے کے لئے سیکرٹری فنانس کو احکامات جاری کریں، آل کنٹریکٹ ایمپلائز پی ڈی اے

کوئٹہ (این این آئی) آل کنٹریکٹ ایمپلائز (پی ڈی اے) نے اپنے جاری کردہ بیان وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کیا ہے کہ چیئرمین اکبر لاشاری اور ڈائریکٹر طاہر درانی، طالب مگسی ورجاوید کے خلاف ایکشن لیا جائے وزیر اعلیٰ نے کنٹریکٹ پروجیکٹ ایمپلائز کی ایک سال سے بند تنخواہیں ریلیز کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں جو ابھی تک فنانس ڈپارٹمنٹ میں روکا ہوا ہے جسکی بنیادی وجہ انتظامیہ پی ڈی اے کی جانب سے فنانس ڈپارٹمنٹ کو کنٹریکٹ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

لسبیلہ میں جانوروں میں پھیلی بیماری پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں، ڈاکٹر محمد عاقل بلوچ

جانوروں کے علاج کیلئے ڈاکٹروں کی موبائل ٹیم مختلف علاقوں میں کام کررہی ہے

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک لسبیلہ ڈاکٹر محمد عاقل بلوچ نے کہا ہے کہ لسبیلہ میں جانوروں میں پھیلی بیماری پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں جانوروں کے علاج کیلئے ڈاکٹروں کی موبائل ٹیم مختلف علاقوں میں کام کررہی ہے۔ (Cow Pox) جانوروں کی یہ بیماری سندھ سے بلوچستان منتقل ہوئی ہے جس کی ویکسین پاکستان میں موجود نہیں لیکن ہم بیمار جانوروں کو اینٹی بائیوٹک ادویات دے رہے ہیں جس سے جانوروں کی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کا ذہن سازی، منفی پروپیگنڈے کے خاتمے میں کردار مثالی ہے، محمد آصف ترین

ورکشاپ مستقبل میں بلوچستان کے نوجوان نسل کی رہنمائی میں مشعل راہ ہوگا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ورکشاپ بلوچستان کا ذہن سازی اور منفی پروپیگنڈے کے خاتمے میں کردار مثالی ہے یہ ورکشاپ مستقبل میں بلوچستان کے نوجوان نسل کی رہنمائی میں مشعل راہ ہوگا کامیاب ورکشاپ کے انعقاد پر 12 کور بلوچستان اور حکومت داد کے مستحق ہے جنہوں نے کم مسائل کے باوجود اتنا کامیاب ورکشاپ منعقد کروایا پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان محمد آصف ترین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ آٹھواں نیشنل ورکشاپ بلوچستان بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

صوبائی الیکشن کمشنر فیاض مراد کا انتخابی فہرستوں کے نظر ثانی کے کام کا جائزہ

درست انتخابی فہرستیں انتخابات کے لیے انتہائی اہم ہے، صوبائی الیکشن کمشنر

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان کے صوبائی الیکشن کمشنر فیاض مراد نے انتخابی فہرستوں کے نظر ثانی کے کام کا جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے میں انھوں نے اے آر او ز، سپروائزر اور تصدیق کنندگان سے ملاقات کی۔ اور انتخابی فہرستوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر رخشان ڈویژن کے ایڈیشنل کمشنر بادل ڈومکی۔ اسسٹنٹ کمشنر خاران عبدالمجید جونیجو، رخشان ڈویژن، ریجنل الیکشن کمشنر طاہر حسن۔ ڈسٹرکٹ خاران الیکشن آفیسر گزین بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کا حالیہ اقدامات آمریت کی بدترین مثال ہے، راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ

بلوچستان یونیورسٹی سے تاحال دو لاپتہ طالبعلموں کو حکومت بازیاب کرنے میں ناکام ہوچکی ہے

پشتون تحفظ موومنٹ کا جلسہ پرامن تھا پرامن جلسہ جلوس کرنا ہر شہری کا بنیادی حق ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور بلوچستان بار کونسل کے چیئرمین بین الصوبائی راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ جاری ایک بیان میں پشتون تحفظ موومنٹ کے سربراہ منظور پشتین اور اے این پی کے صوبائی صدر بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی اور دیگر کارکنوں کے خلاف کوئٹہ میں پرامن جلسے کے انعقاد پر ایف آئی آر کے اندراج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت کا حالیہ اقدامات آمریت کی بدترین مثال ہے انہوں نے کہا کہ پشتون تحفظ موومنٹ کا جلسہ پرامن تھا پرامن جلسہ جلوس کرنا ہر شہری کا بنیادی حق ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں آئے روز لوگوں کو لاپتہ کرنے کا سلسلہ تاحال جاری ہے بلوچستان یونیورسٹی سے تاحال دو لاپتہ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں غریبوں کا مفت علاج خواب شہری پریشان

خضدار (نامہ نگار) ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں غریبوں کا مفت علاج خواب شہری پریشان حکومتی ارکان اسمبلی کی عدم توجہی، محکمہ صحت کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں غریبوں کا مفت علاج معالجہ ایک خواب بن بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

شہریوں کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچانے پر پراپرٹی ڈیلرز کیخلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے، لالا یوسف علی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف علی نے کہا کہ کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں شہریوں کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچانے والے واقع پراپرٹی ڈیلرز کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور عوام کو انکے پیسے واپس کرائے جائیں بصورت دیگر بلوچستان امن جرگہ عوام کے ساتھ مل کر ان پراپرٹی ڈیلرز کا گھیراؤ کرنے پر مجبور ہوگا۔ یہ بات انہوں نے پیر کو بلوچستان امن جرگے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

نواحی علاقے جنوبی میں سیاہ کاری کا الزام شوہر نے جواں سالا بیوی کا گلہ دبا کر اسے قتل کردیا

روجھڑی (نامہ نگار) نواحی علاقے جنوبی میں سیاہ کاری کا الزام شوہر نے جواں سالا بیوی کا گلہ دبا کر اسے قتل کردیا ملزم گرفتار لاش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے تفصیلات کے مطابق نواحی علاقے کندھرا تھانے کی حد جنوبی کے گاؤں نکو اوڈو میں شبیر اوڈ نے سیاہ کاری کا الزام لگا کر اپنی 20 سالہ بیوی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

گڈانی بریکنگ مالکان نے انسانی حقوق کی دھجیاں اڑادی ہیں، میر دوست ڈگارزئی

لسبیلہ (نامہ نگار) میر دوست ڈگارزئی نے اپنے کردہ بیان میں کہا کہ کہ ہم اہلیان گڈانی اپنے ہر دلعزیز قائدین وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، سینیٹر صوبائی وزیر بلدیات ودیہی ترقی سردار محمد صالح بھوتانی، سالار ساحل ممبر قومی اسمبلی لسبیلہ و گوادر محمد اسلم بھوتانی اور سابق معاون خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار زادہ شہزاد بھوتانی سے گڈانی کے ماہیگیر عوام کی جانب سے دست بستہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ انٹرنیشنل کچرہ وکوڑے دان (شپ بریکنگ یارڈز) گڈانی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

سی پی این ای کا سینئر صحافی وایڈیٹر محمد ضیاء الدین کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے نامور صحافی اور سینئر ایڈیٹر جناب محمد ضیاء الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں سی پی این ای کے قائم مقام صدر کاظم خان، قائم مقام سیکریٹری جنرل عامر محمود سمیت تمام عہدیداروں اور اراکین نے سینئر صحافی جناب محمد ضیاء الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کھلاڑیوں کو پی سی بی لسٹ میں نام نہ ہونے کا جواز بنا کر میچز سے باہر کیا جارہا ہے، رحمن جان

روجھڑی (نامہ نگار) نوری بابا کرکٹ کلب روجھڑی کے کھلاڑیوں رحمن جان، حبیب الرحمن، منور شاہ، ارسلان، جمال الدین، شہاب الدین ودیگر نے روجھڑی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام سکھر انٹر کلب کے میچز میں بیشتر کھلاڑیوں کو پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ لسٹ میں نام نا ہونے کا جواز بنا کر میچز سے باہر کیا جارہا ہے جو رجسٹرڈ کھلاڑیوں کے ساتھ ناانصافی اور ناکا بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: محکمہ سماجی بہبود کے ڈپٹی ڈائریکٹر عبدالعلی ترین محکمہ سماجی بہبود کے زیر اہتمام کوئٹہ اور پشین کے مختلف سکولز کے بچوں کو جسمانی، نفسیاتی اور جنسی تحفظ سے متعلق آگاہی فراہم کررہے ہیں

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کا ذہن سازی اور منفی پروپیگنڈے کے خاتمے میں کردار مثالی ہے

ورکشاپ مستقبل میں بلوچستان کے نوجوان نسل کی رہنمائی میں مشعل راہ ہوگا، محمد آصف ترین

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ورکشاپ بلوچستان کا ذہن سازی اور منفی پروپیگنڈے کے خاتمے میں کردار مثالی ہے یہ ورکشاپ مستقبل میں بلوچستان کے نوجوان نسل کی رہنمائی میں مشعل راہ ہوگا کامیاب ورکشاپ کے انعقاد پر 12 کور بلوچستان اور حکومت داد کے مستحق ہے جنہوں نے کم مسائل کے باوجود اتنا کامیاب ورکشاپ منعقد کروایا پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان محمد آصف ترین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ آٹھواں نیشنل ورکشاپ بلوچستان نوجوان نسل کے لئے فکر سازی، شعور، عملی طور پر مشاہدے اور ملکی وقومی مخالف تحریکوں اور منفی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

یونیورسٹی آف گوادر میں داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

گوادر (این این آئی) یونیورسٹی آف گوادر میں نئے سی مسٹر کے لئے مینجمنٹ سائنس، آئی ٹی، کامرس اور ایجوکیشن کے شعبوں میں داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ میں 15 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔ یونیورسٹی کے اعلامیے کے مطابق چار شعبہ جات میں داخلے جاری ہیں جن میں طلبہ کی سہولت کے لئے داخلہ فارم جمع کرانے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

گوادر پورٹ کے خطے کیلئے معاشی خوشحالی کی نوید ہے، نصیر کشانی

ہم چاہتے ہیں کہ گوادر پورٹ سے بلوچستان کے مقامی سرمایہ کار، تاجر اور صنعتکار سب سے زیادہ مستفید ہوں

جب تک حکومت صنعت وتجارت زراعت ماہی گیری اور دیگر پیداواری شعبہ جات کی ترقی کے لئے مقامی سرمایہ کاروں کے ساتھ مل کر کام نہیں کرے گی چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی

کوئٹہ (این این آئی) گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین نصیر خان کشانی نے کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ گوادر پورٹ سے بلوچستان کے مقامی سرمایہ کار، تاجر اور صنعتکار سب سے زیادہ مستفید ہوں، گوادر پورٹ پاکستان اور بلوچستان کے لئے ہی نہیں پورے خطے کے ممالک کے لئے معاشی خوشحالی کی نوید ہے، ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کی صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز گوادر میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر فدا حسین دشتی سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر فدا حسین دشتی نے انہیں بتایا کہ بلوچستان کی صنعت وتجارت سے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں جائینگے

مہم کے دوران کوئی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے، ڈپٹی کمشنر چاغی منصور بلوچ

دالبندین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چاغی منصور بلوچ کی سربراہی میں پولیو ڈی پیک میٹنگ منعقد ہوئی میٹنگ میں اسسٹنٹ کمشنر دالبندین محمد وارث ڈی ایچ او ڈاکٹر کبور خان ایس پی چاغی حاجی محمد انور بادینی امیونائزیشن آفیسر WHO ڈاکٹر عبدالصمد سنجرانی ڈی ایچ سی ایس او تاج محمد سنجرانی اسفندیار یار محمد زئی انجمن تاجران کے صدر حاجی آغا محمد حسنی ودیگر اور تمام متعلقہ محکموں کے آفیسران موجود تھے میٹنگ میں ڈی ایچ او ڈاکٹر کبور خان نے پولیو مہم کے سلسلے میں پولیو ٹیموں اور انتظامات کے متعلق بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر چاغی نے کہا کہ پولیو مہم جاری رہے گا۔

نیشنل پارٹی پڑھے لکھے سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے، خیر بخش بلوچ

نیشنل پارٹی کی سیاست کا محور بلوچستان میں باوقار وثبت سماج کی تعمیر وتشکیل ہے

نوشکی (این این آئی) شاعر وادیب مہکش رازمیم خان عاصم مینگل نے نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ ڈسٹرکٹ صدر رب نواز شاہ جنرل سیکرٹری بھرگ بلوچ اور دیگر عہدیداروں کی موجودگی میں باقاعدہ نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ نے نئے ساتھیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ نیشنل پڑھے لکھے سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے نیشنل پارٹی کی سیاست کا محور بلوچستان میں باوقار وثبت سماج کی تعمیر وتشکیل ہے۔ اور اس خواب کی تعمیر کیلئے نیشنل پارٹی تمام طبقات کو پارٹی پلیٹ فارم میں شامل ہونے کیلئے شعوری کردار ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شعوری سیاست وجدوجہد بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

سینگ ڈاکٹرز کا او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز کی سروسز سے بائیکاٹ

ڈاکٹرز کے خلاف ایف آئی آر کی اندراج اور دیگر مطالبات تسلیم نہ ہونے پر 29 نومبر سے صوبے بھر کے او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز سے بائیکاٹ کا اعلان کیا گیا

پنجاب اور سندھ سے بھی وائے ڈی اے کے ساتھی آئیں گے جیل میں جگہ کم پڑ جائے گی ہم استعفیٰ دینے کو تیار ہیں، ڈاکٹر حفیظ مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹرز کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج اور مطالبات تسلیم نہ ہونے پر پیر کو صوبے بھر میں او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز کی سروسز سے بائیکاٹ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈاکٹرز کے خلاف ایف آئی آر کی اندراج اور دیگر مطالبات تسلیم نہ ہونے پر 29 نومبر سے صوبے بھر کے او پی ڈیز اور آپریشن تھیٹرز سے بائیکاٹ کا اعلان کیا گیا جس کی وجہ سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں او پی ڈیز بند اور آپریشن تھیٹرز میں سروسز معطل رہی۔ ینگ ڈاکٹرز کے رہنماء ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کا کہنا تھا کہ جب تک ینگ ڈاکٹرز کی ایف آئی آر واپس نہیں لی جاتی تب تک مذاکرات نہیں ہو بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، سردار مسعود لونی ہرنائی بچاؤ تحریک کے احتجاجی کیمپ ختم کرانے کے موقع پر خطاب کررہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں ٹریفک حادثہ دو جوان ہلاک دو زخمی ہوگئے

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ میں ٹریفک حادثہ دو جوان ہلاک دو زخمی ہوگئے اطلاع کے مطابق قلعہ عبداللہ کے رہائشی نعمت اللہ موٹر سائیکل پر جنگل بیلیڑی سے قلعہ عبداللہ آرہے تھے جنگل بیلیڑی کے مقام بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 30 نومبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن ملک پلانٹ فیڈر اور سریاب گرڈ اسٹیشن کے سمنگلی ایکسپریس فیڈر کو دوپہر 1 بجے تا شام 4 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسی طرح یکم اور 2 دسمبر کو سمری آباد گرڈ اسٹیشن بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

شیر احمد کھیتران کا بارکھان میں امن وامان قائم کرنے کے لیے کرنل سلیمان سے ملاقات

بارکھان (نامہ نگار) شیر احمد کھیتران بارکھان ہوپ یوتھ اف پاکستان پہلا قدم ضلع بارکھان میں امن و امان قائم کرنے کے لیے بارکھان کرنل سلیمان سے ملاقات ملاقاتی امن وامان کے حوالے سے یوتھ آف پاکستان کے سینئر ممبران جس میں ہوپ یوتھ آف پاکستان کے چیئرمین آصف کھیتران نائب صدر ڈاکٹر باز کھیتران فاروق احمد کھیتران ودیگر بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

موسمیاتی تبدیلیاں زراعت وخوراک پر انتہائی مہلک اثرات مرتب کررہی ہیں، قمر الدین بلوچ

تیزی سے رونما ہونیوالی موسمیاتی تبدیلیوں کے ہولناک اثرات پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کو بری طرح متاثر کررہے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) موسمیاتی تبدیلیاں زراعت و خوراک پر انتہائی مہلک اثرات مرتب کررہی ہیں ان کا مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے یہ بات گراسپ پروگرام کے زیر اہتمام سرکٹ ہاؤس اوتھل میں ایک روزہ ورکشاپ سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہی، ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر قمر الدین بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک محمد عاقل بلوچ، ایف اے او کے نیشنل لیڈر عبدالقدوس بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

موجودہ دور میں میڈیا کا ایک اہم رول ہے، مولوی عبدالحلیم

جمعیت علمائے اسلام نظریاتی ملک میں بے روزگاری بدامنی اور اسلامی نظام کی نفاذ کیلئے کوشاں ہیں

ژوب (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کے زیر اہتمام نئی منتخب ضلعی کابینہ کا تعارفی اجلاس ضلعی امیر مولوی عبدالحلیم کے زیر صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی عہدیداران آل پارٹیز الیکشن کمیٹی اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس سے ضلعی امیر مولوی عبدالحلیم جنرل سیکرٹری مولوی اکرم نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نظریاتی ملک میں بے روزگاری بدامنی اور ا